DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC REALTEIONS
BALOCHISTAN

نظامتِ اعلیٰ تعلقاتِ عامہ
حکومتِ بلوچستان

NO.DGPR(PRESS CLIPPING)/ 1527

DATED. 29-12-2025.

SUBJECT:- PRESS CLIPPINGS.

kindly find enclosed here with a set of press clipping of Local/National Newspapers for information and necessary action.

for (Director General)

The Press Secretary to
Chief Minister, Balochistan, Quetta.

RAMZAY ROAD QUETTA

PHONE NO: 081-9202548-9201615-9201956, FAX NO.081-9201108
e-mail: dgprquettabalochistan@.com dgprquetta.advtaa@gmail.com

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 29.12.2025

نمبر شمار	قومی ومقامی خبریں	اخبارات
01	سرفراز بگٹی چیف آف بگٹی نامزد دستار بندی آج ہوگی	جنگ ودیگر اخبارات
02	حق نمائندگی ادا کرتے ہوئے عوام کو روزگار اور ترقی دی ہے، نور محمد دمڑ	جنگ ودیگر اخبارات
03	اسرائیلی مظالم کے خاتمے کیلئے اسلامی ممالک فلسطین کا ساتھ دیں، صوبائی وزراء	انتخاب ودیگر اخبارات
04	معیاری سڑکوں کی تعمیر حکومت کی اولین ترجیح ہے، میر سلیم کھوسہ	مشرق ودیگر اخبارات
05	متحرک اور باصلاحیت صحافت ہی عوام کی موثر آواز ہے، سردار کھیتران	جنگ ودیگر اخبارات
06	ریونیو نظام کو شفاف بنانا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، میر عاصم کرد گیلو	مشرق ودیگر اخبارات
07	وزیر اعلیٰ کی کاوشوں سے اقلیتوں کیلئے خصوصی فنڈز مختص کئے گئے، سنجے کمار پنجوانی	جنگ ودیگر اخبارات
08	ڈسٹرکٹ کوئٹہ کے علاقے بھی صفا کوئٹہ کیحوالے کرنے کا فیصلہ	جنگ ودیگر اخبارات
09	لورالائی صوبائی محتسب کی ہدایت پر گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول کلی نگانگہ فعال	جنگ ودیگر اخبارات
10	جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن کیا گیا، ڈی ایس پی بھاگ	جنگ ودیگر اخبارات
11	گوادر میں پہلا ماحولیاتی اسکول اور آر او واٹر پلانٹ نصب کرنے کا فیصلہ	جنگ ودیگر اخبارات
12	بلوچستان میں تیل کی پیداوار پاک امریکہ تعاون توانائی کے شعبے میں امید کی کرن، عالمی جریدہ	جنگ ودیگر اخبارات
13	کوئٹہ متعدد تھانے داروں کے تقرر تبادلے نوٹیفکیشن جاری	جنگ ودیگر اخبارات
14	بلوچستان میں بڑی تعداد میں بچے سکولوں سے باہر ہیں، سینیٹر عبدالقادر	جنگ ودیگر اخبارات
15	سرکاری بھرتیوں میں بندر بانٹ قبول نہیں، بوابزادہ گزین مری	جنگ ودیگر اخبارات
16	پشتونخوا ملی عوامی پارٹی عوامی حقوق پر کبھی سمجھوتہ نہیں کرے گی، سید شراف آغا	جنگ ودیگر اخبارات
17	مولانا ہدایت الرحمان کا سید آباد ڈیم منصوبے میں کرپشن کا نوٹس	جنگ ودیگر اخبارات
18	صوبائی حکومت ملازمین کا معاشی استحصال کر رہی ہے، نیشنل پارٹی	جنگ ودیگر اخبارات
19	ملک میں قانون نہ آئیں عوام سے احتجاج کا حق بھی چھین لیا گیا، بی این پی	جنگ ودیگر اخبارات
20	گرینڈ الائنس کا آج سے صوبے بھر میں قلم چھوڑ ہڑتال کا اعلان	جنگ ودیگر اخبارات

امن وامان:

خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں کامیاب کارروائیاں 12 دہشتگرد ہلاک، سنجاوی مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک بھائی جاں بحق، دوسرا زخمی، پشین موٹر سائیکل میں نصب ریموٹ کنٹرول بم ناکارہ بنا دیا گیا، وڈھ کے علاقے دہیر میں ایک نوجوان کی گولیوں سے چھلنی لاش برآمد، کوئٹہ اور گوادر میں تین لاشیں برآمد

عوامی مسائل:

گندواہ بجلی کی فراہمی میں رکاوٹیں صارفین کو مشکلات کو سامنا، کوئٹہ چوری ڈکیتی راہزنی کی بڑھتی وارداتوں سے شہری پریشان، چوبل لوڈشیڈنگ قلیت آب شہر عاجز، صوبائی دارالحکومت میں گیس پریشر میں کمی کا مسئلہ برقرار

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 29.12.2025

اداریہ :

روزنامہ میزان کوئٹہ نے " **عوامی خدمت حکومت کی اولین ترجیح** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے گزشتہ روز اٹھارویں نیشنل ورکشاپ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ صوبائی حکومت عوام کی بہترین سروس کی فراہمی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے مربوط نظم ونسق کے بغیر خدمات کی فراہمی موثر نہیں ہو سکتی اور خدمات کی فراہمی میں بہترین ادارہ جاری شفافیت اور عوامی اعتماد کو فروغ دیتی ہے تمام محکموں میں اصلاحات پر کام جاری ہے ان اصلاحات کا بنیادی مقصد سرکاری اداروں کی حالت بہتر بنانا اور عام آدمی تک ان کے ثمرات پہنچانا ہے عوام کی خدمت اور فلاح و بہبود کی اولین ترجیح ہے انہوں نے کہا ہے کہ صوبے میں بہترین اور فوری طبی سہولیات فراہم کرنے کے لئے حکومت نے عارضی طور پر بنیادوں پر 4000 ڈاکٹرز اور سٹاف بھرتی کئے ہیں صوبے میں ٹوٹل 918 غیر فعال بنیادی مراکز صحت فعال کئے جس نے بنیادی مراکز صحت میں ڈاکٹروں کی موجودگی کو یقینی بنایا گیا ہے ہیلتھ کارڈ سے تین لاکھ سے زائد مریضوں کا علاج کیا جا چکا ہے اس طرح صوبے بھر میں 14000 اساتذہ بھرتی کرنے سے 14556 سکولز فعال ہوئے صوبے میں بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے ذریعے مزید 650 سے زائد سکولز کھل چکے ہیں جس سے ٹوٹل 95000 سے زائد بچے سکولز میں داخل ہو چکے ہیں۔

اداریے :

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Slow pace of Development" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

مضامین :

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "**بلوچستان موسمیاتی تبدیلی خشک سالی درجہ حرارت قدرتی آبی نظام کو بری طرح متاثر کر رہا ہے** " کے عنوان سے محمد اسلم کا مضمون تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "**بلوچستان:بڑھتی ہوئی آبادی کا بوجھ اورسسکتا ہوا نظام تعلیم** " کے عنوان سے محمد آصف کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 1

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

قیمت 35 روپے

جلد 54 | پیر، 8 رجب المرجب 1447ھ 29 دسمبر 2025ء | نمبر 357

سرفراز بگٹی چیف آف بگٹی نامزد، دستار بندی آج ہوگی

بگٹی قبائل کی 6 شاخوں کے معتبرین اور قبائلی عمائدین دستار بندی کریں گے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان کے علاقے ڈیرہ بگٹی کے بگٹی قبیلے نے سرفراز بگٹی کو چیف آف بگٹی نامزد کردیا ہے، دستار بندی کی تقریب کل صبح ہوگی۔ ڈیرہ بگٹی کے علاقے بکھڑ سے تعلق رکھنے والے میر سرفراز بگٹی کی دستار بندی کی باقاعدہ تقریب ڈیرہ بگٹی کے علاقے بکھڑ میں ہوگی، جہاں دستار بندی کے حوالے سے تیاریاں کرلی گئی ہیں، تقریب صبح 10 بجے سے دوپہر 12 بجے تک ہوگی، تقریب میں بگٹی قبائل کی 6 شاخوں کے معتبرین اور قبائلی عمائدین دستار بندی کریں گے۔

میر سرفراز بگٹی کی جانب سے کراچی پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کراچی پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے اپنے ایک پیغام میں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے صدر کراچی پریس کلب فاضل جمیلی، نائب صدر ارشاد کھوکھر، سیکریٹری محمد اسلم خان، جوائنٹ سیکریٹری محمد فاروقی اور خازن عمران ایوب سمیت کراچی پریس کلب کی نومنتخب گورننگ باڈی کے تمام عہدیداران کو مبارکباد پیش کی انہوں نے گورننگ باڈی کے نومنتخب ارکان عبدالجبار ناصر، اختر سومرو، شمیم، فریال عارف، جاوید صبا، فریس عالم اور جاوید مہر کو بھی کامیابی پر مبارکباد دی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ کراچی پریس کلب کے انتخابات کا جمہوری، شفاف اور منظم انعقاد خوش آئند ہے، جس نے نہ صرف صحافتی اتحاد کو مضبوط کیا بلکہ جمہوری اقدار اور صحافتی شعور کو بھی مزید تقویت دی ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ آزاد، ذمہ دار اور باوقار صحافت کسی بھی جمہوری معاشرے کی بنیاد ہوتی ہے، اور صحافی حقائق پر مبنی رپورٹنگ کے ذریعے عوام کی درست رہنمائی اور معاشرتی اصلاح میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ صحافت کا تحفظ دراصل عوام کے حق معلومات کے تحفظ کے مترادف ہے انہوں نے امید ظاہر کی کہ کراچی پریس کلب کی نومنتخب قیادت صحافتی برادری کے اعتماد پر پورا اترتے ہوئے ادارے کی ساکھ، وقار اور پیشہ ورانہ روایات کو مزید مستحکم کرے گی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No 1

Page No. 2

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید مختار احمد

جلد 54 | بتاریخ 08 رجب 1447ھ 29 دسمبر 2025ء، صفحات 08 | شمارہ 175

رجسٹرڈ BC-m-11 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

آزاد و ذمہ دار صحافت ہی جمہوری معاشرے کی بنیاد ہے، سرفراز بگٹی

صحافی حقائق پر مبنی رپورٹنگ، عوام کی درست رہنمائی اور معاشرتی اصلاح میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں

صحافت کا تحفظ عوام کے حق معلومات کے تحفظ کے مترادف ہے، پیغام، کراچی پریس کلب کابینہ کو مبارکباد

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کراچی پریس کلب کے نومنتخب عہدیداروں کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا اپنے ایک پیغام میں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے صدر کراچی پریس کلب فاضل جمیلی، نائب صدر ارشاد کھوکھر..... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

سیکرٹری محمد اسلم خان، جوائنٹ سیکرٹری محمد فاروقی اور خازن عمران ایوب سمیت کراچی پریس کلب کی نومنتخب گورننگ باڈی کے تمام عہدیداروں کو مبارکباد پیش کی انہوں نے گورننگ باڈی کے نومنتخب ارکان عبدالجبار ناصر، اختر سومرو، شمیم، فریال عارف، جاوید صبا، فریس عالم اور جاوید میر کو بھی کامیابی پر مبارکباد دی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ کراچی پریس کلب کے انتخابات کا جمہوری، شفاف اور منظم انعقاد خوش آئند ہے، جس نے نہ صرف صحافتی اتحاد کو مضبوط کیا بلکہ جمہوری اقدار اور صحافتی شعور کو بھی مزید تقویت دی ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ آزاد، ذمہ دار اور باوقار صحافت ہی جمہوری معاشرے کی بنیاد ہوتی ہے، اور صحافی حقائق پر مبنی رپورٹنگ کے ذریعے عوام کی درست رہنمائی اور معاشرتی اصلاح میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ صحافت کا تحفظ دراصل عوام کے حق معلومات کے تحفظ کے مترادف ہے انہوں نے امید ظاہر کی کہ کراچی پریس کلب کی نومنتخب قیادت صحافی برادری کے اعتماد پر پورا اترتے ہوئے ادارے کی ساکھ، وقار اور پیشہ ورانہ روایات کو مزید مستحکم کرے گی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No 1

Page No. 3

THE DAILY
BAAKHABAR
QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی
اکرام اللہ خان

جلد 29 | پیر 29 دسمبر 2025ء بمطابق 08 رجب 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 356

میر سرفراز بگٹی کی کراچی پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد

آزاد، ذمہ دار اور باوقار صحافت جمہوری معاشرے کی بنیاد ہوتی ہے، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کراچی پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے اپنے ایک پیغام میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے صدر کراچی پریس کلب فاضل جمیلی، نائب صدر ارشاد کھوکھر، سیکریٹری محمد اسلم خان، جوائنٹ سیکریٹری محمد فاروقی اور خازن عمران ایوب سمیت کراچی پریس کلب کی نومنتخب گورننگ باڈی کے تمام عہدیداران کو مبارکباد پیش کی انہوں نے گورننگ باڈی کے نومنتخب ارکان عبدالجبار ناصر، اختر سومرو، نعیم، فریال معارف، جاوید صبا، فریس عالم اور جاوید مہر کو بھی کامیابی پر مبارکباد دی وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ کراچی پریس کلب کے انتخابات کا جمہوری، شفاف اور منظم انعقاد خوش آئند ہے، جس نے نہ صرف صحافتی اتحاد کو مضبوط کیا بلکہ جمہوری اقدار اور صحافتی شعور کو بھی مزید تقویت دی ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ آزاد، ذمہ دار اور باوقار صحافت کسی بھی جمہوری معاشرے کی بنیاد ہوتی ہے، اور صحافی حقائق پر مبنی رپورٹنگ کے ذریعے عوام کی درست رہنمائی اور معاشرتی اصلاح میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ صحافت کا تحفظ دراصل عوام کے حق معلومات کے تحفظ کے مترادف ہے انہوں نے امید ظاہر کی کہ کراچی پریس کلب کی نومنتخب قیادت صحافی برادری کے اعتماد پر پورا اترتے ہوئے ادارے کی ساکھ، وقار اور پیشہ ورانہ روایات کو مزید مستحکم کرے گی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No 1

Page No. 4

میزان کوئٹہ

بانی: علامہ عبدالکریم
بیاد: جمیل الرحمن

چیف ایڈیٹر: برکت علی

جلد 77 | بتاریخ 29 دسمبر 2025ء 08 رجب المرجب 1447ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 118

آزاد و ذمہ دار صحافت جمہوری معاشرے کی بنیاد ہوتی ہے

وزیر اعلیٰ بلوچستان

صحافی حقائق پر مبنی رپورٹنگ کے ذریعے عوام کی درست رہنمائی اور معاشرتی اصلاح میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں، صحافت کا تحفظ دراصل عوام کے حق معلومات کے تحفظ کے مترادف ہے، میر سرفراز بگٹی

کراچی پریس کلب کے انتخابات کا جمہوری، شفاف اور منظم انعقاد خوش آئند ہے، جس نے نہ صرف صحافتی اتحاد کو مضبوط کیا بلکہ جمہوری اقدار اور صحافتی شعور کو بھی مزید تقویت دی ہے، کراچی پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران کو دلی مبارکباد

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کراچی پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے اپنے ایک پیغام میں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے صدر کراچی (بقیہ 2 صفحہ 2 پر)

پریس شب فاضل جمیلی، نائب صدر ارشاد خوکھر، سیریزی محمد اسلم خان، جوائنٹ سیکریٹری محمد فاروقی اور خازن عمران ایوب سمیت کراچی پریس کلب کی نومنتخب گورننگ باڈی کے تمام عہدیداران کو مبارکباد پیش کی انہوں نے گورننگ باڈی کے نومنتخب ارکان عبدالجبار ناصر، اختر سومرو، شمیم، فریال عارف، جاوید صبا، فریس عالم اور جاوید مہر کو بھی کامیابی پر مبارکباد دی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ کراچی پریس کلب کے انتخابات کا جمہوری، شفاف اور منظم انعقاد خوش آئند ہے، جس نے نہ صرف صحافتی اتحاد کو مضبوط کیا بلکہ جمہوری اقدار اور صحافتی شعور کو بھی مزید تقویت دی ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ آزاد، ذمہ دار اور باوقار صحافت کسی بھی جمہوری معاشرے کی بنیاد ہوتی ہے، اور صحافی حقائق پر مبنی رپورٹنگ کے ذریعے عوام کی درست رہنمائی اور معاشرتی اصلاح میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ صحافت کا تحفظ دراصل عوام کے حق معلومات کے تحفظ کے مترادف ہے انہوں نے امید ظاہر کی کہ کراچی پریس کلب کی نو منتخب قیادت صحافی برادری کے اعتماد پر پورا اترتے ہوئے ادارے کی ساکھ، وقار اور پیشہ ورانہ روایات کو مزید مستحکم کرے گی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No 1

Page No. 15

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

بانی: سید فصیح اقبال

رجسٹرڈ نمبر بی سی ایم 1

جلد 80 | پیر 29 دسمبر 2025ء 8 رجب المرجب 1447ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 355

وزیر اعلیٰ بلوچستان

آزاد صحافت کسی بھی جمہوری معاشرے کی بنیاد ہوتی ہے

کراچی پریس کلب کی نومنتخب قیادت ادارے کی ساکھ، وقار اور پیشہ ورانہ روایات کو مزید مستحکم کرے گی

صحافی حقائق پر مبنی رپورٹنگ کے ذریعے عوام کی درست رہنمائی اور معاشرتی اصلاح میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں

کوئٹہ (اے این این) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کراچی پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے اپنے ایک پیغام میں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے صدر کراچی پریس کلب فاضل جمیلی، نائب صدر ارشاد کھوکھر، سیکریٹری محمد اسلم خان، جوائنٹ سیکریٹری محمد فاروقی اور خازن عمران ایوب سمیت کراچی پریس کلب کی نومنتخب گورننگ باڈی کے تمام عہدیداران کو مبارکباد پیش کی انہوں نے گورننگ باڈی کے نومنتخب ارکان عبدالجبار ناصر، اختر سومرو، شمیم، فریال عارف، جاوید صبا، فریس عالم اور جاوید مہر کو بھی کامیابی پر مبارکباد دی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ کراچی پریس کلب کے انتخابات کا جمہوری، شفاف اور منظم انعقاد خوش آئند ہے، جس نے نہ صرف صحافتی اتحاد کو مضبوط کیا بلکہ جمہوری اقدار اور صحافتی شعور کو بھی مزید تقویت دی ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ آزاد، ذمہ دار اور باوقار صحافت کسی بھی جمہوری معاشرے کی بنیاد ہوتی ہے، اور صحافی حقائق پر مبنی رپورٹنگ کے ذریعے عوام کی درست رہنمائی اور معاشرتی اصلاح میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ صحافت کا تحفظ دراصل عوام کے حق معلومات کے تحفظ کے مترادف ہے انہوں نے امید ظاہر کی کہ کراچی پریس کلب کی نومنتخب قیادت صحافی برادری کے اعتماد پر پورا اترتے ہوئے ادارے کی ساکھ، وقار اور پیشہ ورانہ روایات کو مزید مستحکم کرے گی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No 1

Page No. 6

Daily AZADI Quetta
روزنامہ آزادی کوئٹہ
بانی
صدیق بلوچ

جلد نمبر۔24 | پیر 29 دسمبر 2025ء بمطابق 08 رجب المرجب 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر۔356

آزاد، ذمہ دار اور باوقار صحافت کسی بھی جمہوری معاشرے کی بنیاد ہوتی ہے، سرفراز بگٹی

کراچی پریس کلب کے انتخابات کا جمہوری، شفاف اور منظم انعقاد خوش آئند ہے

کوئٹہ، 28 دسمبر: وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کراچی پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے اپنے ایک پیغام میں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے صدر کراچی پریس کلب فاضل جمیلی، نائب صدر ارشاد کھوکھر، سیکریٹری محمد اسلم خان، جوائنٹ سیکریٹری محمد فاروقی اور خازن عمران ایوب سمیت کراچی (بقیہ نمبر 9 صفحہ نمبر 7 پر)

پریس کلب کی نومنتخب گورننگ باڈی کے تمام عہدیداران کو مبارکباد پیش کی انہوں نے گورننگ باڈی کے نومنتخب ارکان عبدالجبار ناصر، اختر سومرو، شمیم، فریال عارف، جاوید صبا، فریس عالم اور جاوید میر کو بھی کامیابی پر مبارکباد دی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ کراچی پریس کلب کے انتخابات کا جمہوری، شفاف اور منظم انعقاد خوش آئند ہے، جس نے نہ صرف صحافتی اتحاد کو مضبوط کیا بلکہ جمہوری اقدار اور صحافتی شعور کو بھی مزید تقویت دی ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ آزاد، ذمہ دار اور باوقار صحافت کسی بھی جمہوری معاشرے کی بنیاد ہوتی ہے، اور صحافی حقائق پر مبنی رپورٹنگ کے ذریعے عوام کی درست رہنمائی اور معاشرتی اصلاح میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ صحافت کا تحفظ دراصل عوام کے حق معلومات کے تحفظ کے مترادف ہے انہوں نے امید ظاہر کی کہ کراچی پریس کلب کی نومنتخب قیادت صحافی برادری کے اعتماد پر پورا اترتے ہوئے ادارے کی ساکھ، وقار اور پیشہ ورانہ روایات کو مزید مستحکم کرے گی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 7

سینچری ایکسپریس کوئٹہ
روزنامہ
پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار
جلد 24 شمارہ 17 | پیر، 8 رجب المرجب، 29 دسمبر 2025ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے

آزاد، ذمہ دار اور باوقار صحافت جمہوری معاشرے کی بنیاد ہوتی ہے، وزیر اعلیٰ

صحافی حقائق پر مبنی رپورٹنگ کے ذریعے عوام کی درست رہنمائی اور معاشرتی اصلاح میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں

کراچی پریس کلب کے انتخابات میں نومنتخب صدر فاضل جمیلی سمیت پوری کابینہ، گورننگ باڈی کو وزیر اعلیٰ کی مبارکباد

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کراچی پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے اپنے ایک پیغام میں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے صدر کراچی پریس کلب فاضل جمیلی، نائب صدر ارشاد کھوکھر، سیکرٹری محمد اسلم خان، جوائنٹ سیکرٹری محمد فاروقی اور خازن عمران ایوب سمیت کراچی پریس کلب کی نومنتخب گورننگ باڈی کے تمام عہدیداران کو مبارکباد پیش (باقی صفحہ 5 نمبر 48)

کی۔ انہوں نے گورننگ باڈی کے نومنتخب ارکان عبدالجبار ناصر، اختر سومرو، شمیم، فریال عارف، جاوید صبا، فریس عالم اور جاوید مہر کو بھی کامیابی پر مبارکباد دی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ کراچی پریس کلب کے انتخابات کا جمہوری، شفاف اور منظم انعقاد خوش آئند ہے، جس نے نہ صرف صحافتی اتحاد کو مضبوط کیا بلکہ جمہوری اقدار اور صحافتی شعور کو بھی مزید تقویت دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آزاد، ذمہ دار اور باوقار صحافت کسی بھی جمہوری معاشرے کی بنیاد ہوتی ہے، اور صحافی حقائق پر مبنی رپورٹنگ کے ذریعے عوام کی درست رہنمائی اور معاشرتی اصلاح میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ صحافت کا تحفظ دراصل عوام کے حقِ معلومات کے تحفظ کے مترادف ہے انہوں نے امید ظاہر کی کہ کراچی پریس کلب کی نومنتخب قیادت صحافی برادری کے اعتماد پر پورا اترتے ہوئے ادارے کی ساکھ، وقار اور پیشہ ورانہ روایات کو مزید مستحکم کرے گی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No 1

Page No 8

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

جلد 28 | پیر 29 دسمبر 2025ء | 8 رجب المرجب 1447ھ | قیمت 15 روپے | Ph :2839851 | FaX:2839867 | MEMBER OF APNS | رجسٹرڈ بی سی بی-10 | شمارہ 312

آزاد و وقار صحافت کسی بھی جمہوری معاشرے کی بنیاد ہوتی ہے، میر سرفراز بگٹی

کراچی پریس کلب کی نومنتخب قیادت صحافی برادری کے اعتماد پر پورا اترتے ہوئے ادارے کی ساکھ، وقار اور پیشہ ورانہ روایات کو مزید مستحکم کرے گی

صحافی حقائق پر مبنی رپورٹنگ کے ذریعے عوام کی درست رہنمائی اور معاشرتی اصلاح میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں، نومنتخب کابینہ کو مبارکباد

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کراچی پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے اپنے ایک پیغام میں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے صدر کراچی پریس کلب فاضل جمیلی، نائب صدر ارشاد کھوکھر، سیکریٹری محمد اسلم خان، جوائنٹ سیکریٹری محمد فاروقی اور خازن عمران ایوب سمیت کراچی پریس کلب کی نومنتخب گورننگ باڈی کے تمام عہدیداران کو مبارکباد پیش کی انہوں نے گورننگ باڈی کے نومنتخب ارکان عبدالجبار ناصر، اختر سومرو، شمیم، فریال عارف، جاوید صبا، فریس عالم اور جاوید مہر کو بھی کامیابی پر مبارکباد دی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ کراچی پریس کلب کے انتخابات کا جمہوری، شفاف اور منظم انعقاد خوش آئند ہے، جس نے نہ صرف صحافتی اتحاد کو مضبوط کیا بلکہ جمہوری اقدار اور صحافتی شعور کو بھی مزید تقویت دی ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ آزاد، ذمہ دار اور باوقار صحافت کسی بھی جمہوری معاشرے کی بنیاد ہوتی ہے، اور صحافی حقائق پر مبنی رپورٹنگ کے ذریعے عوام کی درست رہنمائی اور معاشرتی اصلاح میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ صحافت کا تحفظ دراصل عوام کے حق معلومات کے تحفظ کے مترادف ہے انہوں نے امید ظاہر کی کہ کراچی پریس کلب کی نومنتخب قیادت صحافی برادری کے اعتماد پر پورا اترتے ہوئے ادارے کی ساکھ، وقار اور پیشہ ورانہ روایات کو مزید مستحکم کرے گی۔



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بگٹی قبائل کے عمائدین ملاقات کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Balochistan Times

of 92 NEWS MEDIA GROUP

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1323 QUETTA Monday December 29, 2025 / Rajabul-Murajjab 08, 1447

CM extends greetings on KPC election

Staff Report

QUETTA: Balochistan Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti has extended his heartfelt congratulations and best wishes to the newly elected office bearers of the Karachi Press Club (KPC).

In a formal message, the Chief Minister congratulated the entire new leadership team, including President Fazil Jamili, Vice President Irshad Khokhar, Secretary Muhammad Aslam Khan, Joint Secretary Muhammad Farooqi, and Treasurer Imran Ayub. He also extended his congratulations to the newly elected members of the Governing Body: Abdul Jabbar Nasir, Akhtar Soomro, Sham, Faryal Arif, Javed Saba, Faris Alam, and Javed Mehar on their success.

Chief Minister Bugti noted that the democratic, transparent, and organized conduct of the Karachi Press Club elections is a welcome development, an event that not only strengthens journalistic solidarity but also reinforces democratic values and professional awareness. Mir Sarfaraz Bugti stated that free, responsible, and dignified journalism forms the very foundation of a democratic society, where journalists play a key role in guiding the public and reforming society through factual and principled reporting.

He emphasized that the protection of journalism is synonymous with protecting the public's fundamental right to information. The Chief Minister expressed his confidence that the newly elected leadership of the Karachi Press Club will uphold the trust placed in them by the journalist community and will work to further enhance the institution's reputation, dignity, and professional traditions.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily MASHRIQ QUETTA

Bullet No 1 Dated 29 DEC 2025 Page No. 10

حق نمائندگی ادا کرتے ہوئے عوام کو روزگار اور ترقی دی ہے، حاجی نور محمد دمڑ

عوام کے حقیقی وارث ہم ہیں مسائل شہریوں کی دہلیز پر حل کر رہے ہیں یہی وجہ ہے کہ عوام کا ہم پر اعتماد بڑھتا جا رہا ہے

عوام نے ہمیں مینڈیٹ دیا ہے جسکا احترام کرکے علاقے اور قوم کو امن، ترقی اور تحفظ دیں گے، شمولیتی پروگرام سے خطاب

زیارت (آن لائن) زیارت میں صوبائی وزیر خوراک و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد خان دمڑ کی قیادت میں گرینڈ شمولیتی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ پروگرام میں محمد اعظم سارنگزئی نے اپنے پورے خاندان، سردار دمڑ نے اپنے پورے خاندان، سابق کونسلر محمد فاروق دمڑ، جمعیت علمائے اسلام محمد صادق دمڑ نے اپنے پورے خاندان سمیت جمعیت سے مستعفی ہو کر کاروان نور محمد خان دمڑ میں شمولیت کا اعلان کیا۔ پروگرام میں پہنچنے پر صوبائی وزیر کا شاندار استقبال کیا گیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ چیئرمین عبدالستار کاکڑ، وائس چیئرمین حبیب اللہ ..... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

پائینزئی، محمد نور پائینزئی بھی موجود تھے صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے نئے شامل ہونے والے کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ کاروان تمام قوموں کا ایک گلدستہ ہے اور یہ کاروان آبادی کا کاروان ہے اور آئے روز کاروان میں شمولیتوں نے ہماری بہترین کارکردگی پر مہر ثبت کر دی ہے اور کاروان کی مقبولیت سے مخالفین پریشانی کا شکار ہو گئے ہیں انہوں نے کہا کہ عوام کی حقیقی وارث ہم ہیں ہم نے عوام کو روزگار اور ترقی دی ہیں اور عوام کے مسائل انکی دہلیز پر حل کر رہے ہیں یہی وجہ ہے کہ عوام کا ہم پر اعتماد بڑھتا جا رہا ہے عوام نے اچھے اور برے کی پہچان کی انہوں نے کہا کہ عوام نے ہمیں مینڈیٹ دیا ہے ہم ان کے مینڈیٹ کا احترام کر کے علاقے اور قوم کو ترقی دیں گے امن دیں گے تحفظ دیں گے ہماری سیاست کا محور عوام کی بلا تمیز خدمت ہے جس کو ہمیشہ جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم دھوکہ اور فریب کی سیاست پر یقین نہیں رکھتے ہم خدمت پر یقین رکھتے ہیں۔ عوام کی خدمت کے لیے میدان میں نکلے ہیں عوام سرمایہ ہیں عوام نے ان پر جو اعتماد کیا ہے اس پر پورا اتریں گے عوام مطمئن رہے ان کے تمام جائز مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جائیں گے۔

اسرائیلی مظالم کے خاتمے کیلئے اسلامی ممالک فلسطین کا ساتھ دیں، صوبائی وزراء

پاکستان نے ہمیشہ فلسطینی عوام کا ساتھ دیا اور آئندہ بھی شانہ بشانہ رہیں گے، سلیم کھوسہ، بخت محمد کاکڑ، میر شعیب نوشیروانی، اصغر خان ترین

اسرائیل ظلم کی حدیں پار کر کے معصوم بچوں، خواتین سمیت دیگر کو نشانہ بنا رہا ہے، انسانی حقوق کے عالمی دن کے موقع پر اراکین اسمبلی کا ردعمل

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزراء اور اراکین اسمبلی نے کہا ہے کہ انسانی حقوق کے عالمی دن کی مناسبت سے امت مسلمہ یہ عہد کریں کہ وہ فلسطین کی آزادی اور اسرائیل کی ظالمانہ کارروائی روکنے کیلئے بھرپور کردار ادا کریں گے کیونکہ جب تک اسلامی ممالک فلسطین کا ساتھ نہیں دینگے اس وقت تک اسرائیل کی ظالمانہ کارروائی جاری رہے گی یہ بات صوبائی وزیر مواصلات میر سلیم کھوسہ، صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی اراکین اسمبلی اصغر خان ترین نے فلسطینی عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ پا..... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

کستان نے ہمیشہ فلسطینی عوام کا ساتھ دیا اور آئندہ بھی شانہ بشانہ رہیں گے لیکن ضرورت اس امر کی ہے کہ امت مسلمہ جس طرح خاموش ہے یہ نہیں ہونا چاہئے کیونکہ اسرائیل ظلم کی حدیں پار کر کے معصوم بچوں، خواتین سمیت دیگر کو اپنا نشانہ بنا رہا ہے اور اس وقت جو لوگ شہید ہوئے اس پر خاموشی قابل افسوس ہے اس دن کی مناسبت سے ہم امت مسلمہ اور دیگر ممالک سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ آگے آ کر فلسطین کی حمایت اور اسرائیلی ظالمانہ کارروائی کے خلاف اپنا آواز بلند کریں۔

معیاری سڑکوں کی تعمیر حکومت کی اولین ترجیح ہے، میر سلیم کھوسہ

سڑکوں اور پلوں کی تعمیر سے سفری سہولیات میسر اور تجارتی سرگرمیوں میں بھی اضافہ ہوگا، صوبائی وزیر

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے بلوچستان اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں پائیدار ترقی، معیاری سڑکوں کی تعمیر اور جدید انفراسٹرکچر کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، صوبے کے دور دراز علاقوں کو ترقی کے دھارے میں لانے کے لئے عملی اقدامات ..... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

کئے جا رہے ہیں، یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ محکمہ مواصلات و تعمیرات کے تحت جاری تمام منصوبوں میں شفافیت، معیار اور بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جا رہا ہے، سڑکوں اور پلوں کی تعمیر سے نہ صرف عوام کو سفری سہولیات میسر آئیں گی بلکہ تجارتی سرگرمیوں میں بھی اضافہ ہوگا، جس سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے، انہوں نے مزید کہا کہ مسلم لیگ (ن) عوامی خدمت کی سیاست پر یقین رکھتی ہے اور بلوچستان اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر کی حیثیت سے وہ اپوزیشن و حکومتی اراکین کے ساتھ مل کر صوبے کے مفاد میں قانون سازی کو فروغ دے رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily MASHRIQ QUETTA

Bullet No 1 Dated 29 DEC 2025 Page No 1

ریونیو نظام کو شفاف بنانا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے میر عاصم کرد گیلو

نکہ ریونیو میں جاری اصلاحات کے مثبت نتائج جلد سامنے آئیں گے، حکومت دیہی اور شہری علاقوں میں یکساں ترقی پر یقین رکھتی ہے

زمینوں کے ریکارڈ کی ڈیجیٹلائزیشن، انتقالات کے عمل میں آسانی اور کرپشن کے خاتمے کیلئے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں، صوبائی وزیر

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو نے کہا ہے کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنا اور ریونیو نظام کو شفاف بنانا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ محکمہ ریونیو میں جاری اصلاحات کے مثبت نتائج جلد عوام کے سامنے آئیں گے حکومت دیہی اور شہری علاقوں میں یکساں ترقی پر یقین رکھتی ہے اور پسماندہ طبقات کے مسائل کے حل کے لیے خصوصی توجہ دی جا رہی ہے' یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی' میر عاصم کرد گیلو نے کہا کہ زمینوں کے ریکارڈ کی ڈیجیٹلائزیشن، انتقالات کے عمل میں آسانی اور کرپشن کے خاتمے کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں' ان اصلاحات کا مقصد عام شہری کو دفاتر کے غیر ضروری چکروں سے نجات دلانا اور بروقت انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے' انہوں نے مزید کہا کہ حکومت دیہی اور شہری علاقوں میں یکساں ترقی پر یقین رکھتی ہے اور پسماندہ طبقات کے مسائل کے حل کے لیے خصوصی توجہ دی جا رہی ہے' ریونیو افسران کو عوام کے ساتھ خوش اخلاقی اور میرٹ کی بنیاد پر کام کرنے کی سخت ہدایات جاری کی گئی ہیں صوبائی وزیر نے اس بات پر زور دیا کہ عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لیے مانیٹرنگ سسٹم کو مزید موثر بنایا جا رہا ہے تاکہ ہر شہری کو اس کا حق مل سکے میں انہوں نے عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ حکومت کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی غیر قانونی عمل کی اطلاع متعلقہ حکام کو دیں۔ میر عاصم کرد گیلو نے کہا کہ شفاف نظام ہی ترقی کی ضمانت ہے اور موجودہ حکومت عوام کے اعتماد پر پورا اترنے کے لیے دن رات کوشاں ہے۔

متحرک اور باصلاحیت صحافت ہی عوام کی موثر آواز ہے' سردار کھیتران

صوبائی وزیر پی ایف ایم کا کراچی پریس کلب کی نومنتخب کابینہ کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار

کوئٹہ (پی این اے) صوبائی وزیر برائے پبلک ایمپلائمنٹ انجینئرنگ اینڈ واسا بلوچستان سردار عبدالرحمان خان کھیتران نے کراچی پریس کلب کے حالیہ انتخابات میں کامیاب ہونے والے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے خیرسگالی پیغام میں انہوں نے کہا کہ کراچی پریس کلب صحافتی اقدار، جمہوری سوچ اور اظہار رائے کی آزادی کی علامت ..... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

ہے اور اس کے عہدیداران کا انتخاب نہایت اہمیت کا حامل ہوتا ہے انہوں نے نومنتخب صدر، سیکرٹری اور دیگر عہدیداروں کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ اپنی ذمہ داریاں پیشہ ورانہ مہارت، دیانت داری اور صحافتی اصولوں کے مطابق ادا کریں گے سردار عبدالرحمان کھیتران نے مزید کہا کہ ایک متحرک اور باصلاحیت صحافت ہی جمہوری نظام کی مضبوطی اور عوامی آواز کے موثر اظہار کی ضامن ہے انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ نومنتخب قیادت صحافتی برادری کی فلاح و بہبود اور آزادی اظہار کے فروغ کیلئے نمایاں کردار ادا کرے گی۔

INTEKHAB QUETTA

وزیراعلیٰ کی کاوشوں سے اقلیتوں کیلئے خصوصی فنڈز مختص کئے گئے' سنجے کمار پنجوانی

صوبائی حکومت اقلیتی برادری کی فلاح و بہبود کیلئے خصوصی اقدامات کر رہی ہے' پارلیمانی سیکرٹری

نصیر آباد (آئی این پی) پارلیمانی سیکرٹری برائے اقلیتی امور سنجے کمار پنجوانی نے کہا ہے کہ بلوچستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی کی خصوصی کاوشوں سے اقلیتی برادری کی فلاح و بہبود، ترقی اور خوشحالی کے لیے خطیر فنڈز فراہم کیے گئے ہیں۔ ان فنڈز کا بقیہ نمبر 34 صفحہ 5 پر

مختلف صوبے میں بسنے والی اقلیتوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ان کے مذہبی و سماجی مقامات کی بہتری کو یقینی بنانا چاہا انہوں نے بتایا کہ یہ مراعات صوبے کے عوام کو صاف اور معیاری پینے کے پانی کی فراہمی کے لیے پانچ کروڑ روپے کی لاگت سے واٹر سپلائی اسکیم شروع کی جا رہی ہے جس کے تحت واٹر سپلائی لائن سے ہندو گھروں تک نئی پائپ لائن بچھائی جائے گی۔ اس کے علاوہ ہندو گھروں میں بجلی کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے شمسی انتظام، مرد اور عورتوں کی بہتری کے لیے لوک ہاؤس بنانے کے لیے بھی فنڈز مختص کرائے گئے ہیں جبکہ بھنڈ مندر کی تعمیر و مرمت کے لیے فنڈز رکھے گئے ہیں جن پر جلد عملی کام کا آغاز ہوگا۔ سنجے کمار پنجوانی نے مزید بتایا کہ مختلف شہروں میں اقلیتی برادری کی فلاح و بہبود اور مذہبی مقامات کی تعمیر و مرمت کے لیے بھی خطیر رقوم مختص کی گئی ہیں ان میں کوئٹہ کے لیے 12 کروڑ روپے جھاگ بازی کے لیے 5 کروڑ روپے اوماڑہ کے لیے 5 کروڑ روپے لوسنا گھر کے لیے 3.5 کروڑ روپے ژوب اللہ بار کے لیے 4.5 کروڑ روپے جبکہ لکھی پور کے لیے ایک کروڑ روپے رکھے گئے ہیں انہوں نے کہا کہ یہ تمام فنڈز متعلقہ شہروں میں واقع مندروں گرجوں اور اقلیتی برادری کی مجموعی تعمیر و بہبود پر خرچ کیے جائیں گے تاکہ اقلیتوں کو یکساں ترقی کے مواقع فراہم کیے جا سکیں۔ سنجے کمار پنجوانی نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ اور ان کی بہتری کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے جس کے مثبت نتائج جلد عوام کے سامنے آئیں گے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily JANG QUETTA

Bullet No 2 Dated 29 DEC 2025 Page No 12

میٹروپولیٹن کارپوریشن کے 300 ملازمین کیخلاف کارروائی

ڈسٹرکٹ کوئٹہ کے علاقے بھی صفائی کوئٹہ کے حوالے کرنیکا فیصلہ

شہر میں 500 سے زائد اسٹریٹ لائٹس فعال کردیں، غیر ضروری یوٹرن بند، بعض علاقوں کو نو پارکنگ اور کچرہ کو واکنگ ایریا میں تبدیل کیا جائیگا، ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ مجیب الرحمن قمبرانی نے کہا ہے کہ کارپوریشن کو جدید خطوط پر استوار کیا جارہا ہے، کارپوریشن کے 300 گھوسٹ ملازمین کے خلاف کاروائی کی گئی ہے، صفائی کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے آئندہ 15 روز میں ڈسٹرکٹ کونسل کوئٹہ کے علاقوں کو بھی صفائی کوئٹہ کے حوالے کیا جارہا ہے، شہر میں 500 سے زائد اسٹریٹ لائٹس فعال کردی ہیں، بلڈنگ کوڈ کا جائزہ لے کر اسے بہتر بنانے کے لیے کام جاری ہے، سریاب روڈ، سبزل روڈ، ائیر پورٹ روڈ، لنک بادینی روڈ سمیت پانچ شاہراہوں پر تعمیرات پر پابندی عائد کردی گئی ہے، تجاوزات کے خلاف کارروائی جاری ہے، غیر ضروری یوٹرن بند، بعض علاقوں کو نو پارکنگ اور کچرہ کو واکنگ ایریا میں تبدیل کرنے جارہے ہیں، شہر میں ٹریفک مینجمنٹ کے لیے 100 ملازمین کو تربیت فراہم کررہے ہیں، شہر میں آئندہ تین ماہ میں 30 پبلک ٹوائلٹ تعمیر کیے جائیں گے اگلے مرحلے میں 60 ٹوائلٹ تعمیر ہونگے شہر میں 100 مقامات پر وینڈنگ ایریا بھی بنائے جائیں گے، کیفے بلدیہ کو دوبارہ تعمیر کیا جارہا ہے جس کا افتتاح مارچ میں کیا جائیگا۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کو کوئٹہ پریس کلب کے پروگرام میں صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی، اس موقع پر کوئٹہ پریس کلب کے صدر عرفان سعید و دیگر بھی موجود تھے۔ ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ مجیب الرحمن قمبرانی نے کہا کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کی تنظیم نو کرکے ٹیکس، ریونیو، فنانس، بائلاز، فائن آرٹس کے شعبوں میں ماہرین تعینات کرنے جارہے ہیں۔ کوئٹہ میں صفائی کے مسئلہ اہم ہے صفا کوئٹہ سے صرف 58 وارڈز میں صفائی کا معاہدہ کیا گیا تھا جس میں ڈسٹرکٹ کونسل کا علاقہ شامل نہیں تھا ذرائع کی منظوری کے بعد 15 روز میں صفا کوئٹہ کو کلیاک، سریاب، نوحصار سمیت پورے شہر میں صفائی کی ذمہ داری سونپی جائیگی، کوئٹہ میں اس وقت یومیہ 1300 ٹن سے زائد کچرا اٹھایا جارہا ہے جبکہ صفا کوئٹہ میں شکایات درج کرانے کے لیے واٹس ایپ نمبر جاری کردیا گیا ہے شہریوں کی درخواست پر 24 گھنٹے میں عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے اقدامات کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کارپوریشن میں دو نئے ونگ بنائے گئے ہیں ہارٹی کلچر (باغبانی) ونگ کے تحت مارچ میں شہر میں شجرکاری مہم شروع ہوگی جس کے تحت شہر بھر میں شجرکاری کرنے کے ساتھ ساتھ درختوں کی دیکھ بھال پر عملہ مامور کیا جائے گا۔ فائن آرٹس کے شعبے کے تحت شہر بھر میں مجسمے، دیواروں پر وال پینٹنگ سمیت دیگر اقدامات کرکے شہر کی خوبصورتی میں اضافہ کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ کارپوریشن میں برتھ، ڈیتھ اور میرج سرٹیفکیٹس سمیت کارپوریشن کے تمام اثاثوں کا ڈیجیٹل ریکارڈ مرتب کیا جائے گا، جامعہ بلوچستان کے ساتھ کیے گئے معاہدے کے تحت 10 جنوری تک تمام اثاثوں کی جیومیٹک مکمل کرلی جائے گی جبکہ جلد ہی کارپوریشن کا موبائل ایپلیکیشن بھی شروع کرنے جارہے ہیں۔

لورالائی: صوبائی محتسب کی ہدایت پر گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول کلی نگانگہ فعال

DEO نے تبادلہ منسوخ کرتے ہوئے متعلقہ ٹیچر کو دوبارہ اسی اسکول میں تعینات کردیا

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی محتسب بلوچستان علی احمد لہڑی کی ہدایات پر ضلع لورالائی میں گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول کلی نگانگہ کو دوبارہ فعال کردیا گیا۔ سائل اختر محمد ولد عبدالرشید نے ضلع ایجوکیشن آفیسر لورالائی کے خلاف شکایت دائر کی تھی کہ جے وی ٹی محترمہ راحیلہ مجید کے تبادلے کے باعث اسکول غیر فعال ہوگیا ہے، جس سے طالبات کا تعلیمی عمل متاثر ہورہا تھا۔ صوبائی محتسب کے نوٹس پر ضلع ایجوکیشن آفیسر لورالائی نے تبادلہ منسوخ کرتے ہوئے متعلقہ ٹیچر کو دوبارہ اسی اسکول میں تعینات کردیا، جس کے بعد اسکول مکمل طور پر بحال ہوگیا۔ بعد ازاں شکایت کنندہ نے اسکول کے دوبارہ فعال ہونے کی تصدیق کرتے ہوئے صوبائی محتسب کے دفتر کا شکریہ ادا کیا۔ صوبائی محتسب بلوچستان نے ہدایت کی ہے کہ اسکول کی فعالیت برقرار رکھی جائے تاکہ طالبات کا تعلیمی سلسلہ متاثر نہ ہو۔

MASHRIQ QUETTA

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن کیا گیا' ڈی ایس پی بھاگ

سنگین جرائم میں مطلوب مجموعی طور پر 10 ملزمان کو گرفتار کیا گیا' جان محمد کھوسہ کی پریس کانفرنس

بھاگ (نمائندہ مشرق) پولیس تھانہ بھاگ میں ایک اہم پریس کانفرنس منعقد' جس سے ڈی ایس پی سرکل بھاگ جان محمد کھوسہ، ایس ایچ او بھاگ غلام سرور مینگل اور سی آئی اے انچارج عبدالعزیز سوکلی نے خطاب کیا۔ پریس کانفرنس میں ضلع کچھی پولیس کی حالیہ کامیاب کارروائیوں کی تفصیلات میڈیا کے سامنے رکھی گئیں ذی ایس پی جان محمد کھوسہ نے ..... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

بتایا کہ ذی آئی جی لسبیلہ آبادریچ اور ایس ایس پی ضلع کچھی محاذ الرحمان کی خصوصی ہدایات پر بھاگ پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کریک ڈاؤن کیا، جس کے نتیجے میں مختلف مقدمات میں مطلوب، مفرور اور اشتہاری ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ پولیس نے قتل، اقدام قتل، اغواء، موٹر سائیکل چوری، اسلحہ کی نمائش اور دیگر سنگین جرائم میں مطلوب مجموعی طور پر 10 ملزمان کو گرفتار کیا ہے گرفتار ملزمان کے قبضے سے غیر قانونی اسلحہ، موٹر سائیکلیں اور دیگر سامان بھی برآمد کیا گیا ہے، جبکہ بعض ملزمان کے خلاف مزید تفتیش جاری ہے۔ مزید اس موقع پر ایس ایچ او غلام سرور مینگل نے کہا کہ بھاگ پولیس نے مختلف مقامات پر چھاپے مار کر اشتہاری اور عدالتی مفرور ملزمان کو گرفتار کیا، جن کے خلاف مقدمات درج تھے اور وہ طویل عرصے سے قانون کی گرفت سے باہر تھے۔ گرفتار ملزمان کو مزید قانونی کارروائی کیلئے عدالتوں میں پیش کیا جارہا ہے۔ جبکہ سی آئی اے انچارج عبدالعزیز سوکلی نے بتایا کہ پولیس کی ان کارروائیوں کا مقصد علاقے میں امن و امان کی صورتحال کو بہتر بنانا اور جرائم کا مکمل خاتمہ ہے۔ پولیس نے عوام کے تعاون سے مجرمانہ سرگرمیوں میں ملوث عناصر کی نشاندہی کی، جس کے بعد کامیاب کارروائیاں عمل میں لائی گئیں۔ اس موقع پر صدر پولیس تھانہ بھاگ کے ایس ایچ او عبدالحفیظ ابڑو اور اینٹیل برانچ بھاگ کے انچارج غلام حیدر بزدار بھی موجود تھے پریس کانفرنس کے اختتام پر پولیس افسران نے واضح کیا کہ ضلع کچھی خصوصاً بھاگ میں جرائم پیشہ افراد کے لئے کوئی جگہ نہیں، اور قانون شکن عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی عوام سے اپیل کی کہ وہ امن و امان کے قیام کیلئے پولیس کے ساتھ تعاون کریں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily INTEKHAB QUETTA

Bullet No 2 Date 29 DEC 2025 Page No 3

گوادر میں پہلا ماحولیاتی اسکول اور آرٹ پلانٹ نصب کرنیکا فیصلہ

صوبائی ماحولیاتی تحفظ کونسل کی غیر سرکاری رکن کی ڈائریکٹر جی ڈی اے سے ملاقات' مختلف منصوبوں سے آگاہ کیا

اسکول نوجوانوں کو ماحولیاتی تبدیلی سمجھنے کا موقع فراہم کریگا' نفیسہ بلوچ' شہر میں پانی کی فراہمی بہتر بنانے میں مدد ملے گی' معین الرحمان

گوادر (این این آئی) بلوچستان کی ماحولیاتی تعلیم کے گوادر میں پہلا ماحولیاتی اسکول قائم کرنے اور پورٹ سٹی میں ماحولیاتی آگاہی کے فروغ اور صاف پانی تک رسائی کو بہتر بنانے کے لئے ایک نیا آرٹ اور آرٹ پلانٹ نصب کرنے کا اعلان کر دیا۔ گوادر پرو کے مطابق وزیر اعلیٰ بلوچستان کی زیر قیادت صوبائی ماحولیاتی تحفظ کونسل کی واحد غیر سرکاری رکن ماحولیاتی کارکن نفیسہ بلوچ نے گوادر ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے ڈائریکٹر جنرل معین الرحمان خان کے ساتھ گزشتہ دنوں ہونے والی ملاقات میں ان منصوبوں کی تفصیلات شیئر کیں۔ انہوں نے کہا کہ ان کی تنظیم، زیبک بلوچستان جو ایک مقامی، نوجوانوں کی

بقیہ نمبر 38 صفحہ 5 پر

قیادت والی رہنما تنظیم ہے، جو ماحولیاتی تعلیم اور ماحولیاتی متاثرہ علاقوں کی بحالی کیلئے وقف ہے، اس نے ماحولیاتی اسکول کے قیام کا فیصلہ کیا تاکہ نوجوانوں کو ماحولیاتی قیادت اور ماحولیاتی لچک پر تربیت دی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ ماحولیاتی اسکول گوادر کے نوجوانوں کو ماحولیاتی تبدیلی کو سمجھنے اور کمیونٹی پر مبنی حل کی قیادت کرنے کے لیے علم اور اعتماد سے لیس کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا مقصد سماجی سطح پر ماحولیاتی قیادت کو جڑوں سے قائم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ زیبک بلوچستان گوادر میں ایک آرٹ اور آرٹ پلانٹ بھی نصب کرے گی، جس سے شہر میں صاف پینے کے پانی کی فراہمی کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ معین الرحمان خان نے ان منصوبوں کا خیر مقدم کیا اور مکمل اور دیرپا حمایت کا یقین دلایا۔ انہوں نے کہا کہ جی ڈی اے گوادر میں پائیدار ترقی، ماحولیاتی تحفظ اور ماحولیاتی لچک کو فروغ دینے کے لئے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم زیبک بلوچستان جیسے شراکت داروں کے ساتھ مل کر کمیونٹی پر مبنی اہم منصوبوں کی حمایت جاری رکھیں گے۔ اس سے پہلے اگست میں زیبک بلوچستان نے گوادر میں 30 دن کا ماحولیاتی اسکول پروگرام کامیابی سے مکمل کیا، جس کے دوران اس کی ٹیم نے نوجوان ماحولیاتی طلباء کی کمیونٹی متحرک کی۔ اس پائلٹ پروگرام میں بچوں کو ماحولیاتی سائنس، ماحولیاتی ذمہ داری اور مقامی شناخت سے متعارف کرایا گیا۔ اس میں گوادر کی تاریخ، ماحولیاتی تبدیلی اور موسم میں فرق، عالمی حدت، ایڈاپٹیشن اور مٹیگیشن اسٹریٹجیز اور پانی کے تحفظ جیسے موضوعات شامل تھے۔ پروگرام کے اختتام پر طلبہ کو نوجوان کالجٹ ریسپیڈرز کا کردار دیا گیا۔ تنظیم نے اس پروگرام کو بلوچستان کے بچوں میں ماحولیاتی تعلیم اور قیادت کی بنیاد رکھنے کے لئے ایک طویل مدتی وژن کی تکمیل قرار دیا۔ نفیسہ بلوچ اس سے قبل اقوام متحدہ کی ماحولیاتی کانفرنس 2023 اور ساتھ ایشیا کنزرویشن سمیت کئی بین الاقوامی ماحولیاتی فورمز میں بلوچستان کی نمائندگی بھی کر چکی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نئے ماحولیاتی اسکول اور آرٹ پلانٹ کے منصوبے مقامی آبادی بالخصوص نوجوانوں کو گوادر میں ماحولیاتی تحفظ کے مستقبل کی تشکیل میں مؤثر کردار ادا کرنے کے قابل بنائیں گے۔

کوئٹہ' متعدد تھانے داروں کے تقرر و تبادلے' نوٹیفکیشن جاری

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ محمد اسحاق سول لائن' توصیف قربان صدر' ایس ایس پی آپریشن' محمد اسحاق زرکون آباد' محمد اصغر تھانہ ایئرپورٹ' امین اصغر تھانہ مالیاری' نصیب اللہ ناصر تھانہ ہزاری' شاہنواز سیکرٹ تھانہ لیویز سرباب' حبیب اللہ کاکڑ تھانہ لیویز کچلاک' ثناء اللہ شیرانی تھانہ کچلاک' جاوید ملاخیل

بقیہ نمبر 13 صفحہ 5 پر

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ شہر کے متعدد تھانے داروں کو تبدیل کر دیا گیا۔ ایس ایس پی آپریشن کے نوٹیفکیشن کے مطابق زرکون آباد، محمد اصغر تھانہ سول لائن، توصیف قربان تھانہ صدر، نصیب وزیر تھانہ ایئرپورٹ، امین اصغر تھانہ مالیاری، نصیب اللہ ناصر تھانہ ہزاری، شاہنواز سیکرٹ تھانہ لیویز سرباب، حبیب اللہ کاکڑ تھانہ لیویز کچلاک، ثناء اللہ شیرانی تھانہ کچلاک، جاوید ملاخیل تھانہ زرکون آباد اور محمد اکبر تھانہ سرباب کے ایس ایچ او ہوں گے جبکہ سب انسپکٹر عبدالحی کرمانی، ناصر اعوان اور انسپکٹر کاشف کرمانی کو پولیس لائن ہیڈ کوارٹر رپورٹ کرنے کی ہدایات جاری کی گئی ہیں۔

بلوچستان میں تیل کی پیداوار پاک امریکہ تعاون و توانائی کے شعبے میں امید کی کرن

عالمی جریدہ

ایگزم بینک کی ریکوڈک میں کان کنی اور اہم معدنیات کے لیے 1.25 بلین ڈالر کی فنانس سے روزگار کے مواقع بڑھیں گے' کیریولائنا پولیٹیکل ریویو

بھارت سے کشیدگی نے پاکستانی دفاعی صلاحیت اور ساکھ کو مضبوط کیا' 2025 میں پاکستان نے عالمی سیاست میں دوبارہ اہم مقام حاصل کیا

اسلام آباد (آئی این پی) عالمی جریدے کیرولائنا پولیٹیکل ریویو نے پاکستانی حکومت اور عسکری قیادت کی بہترین حکمت عملی کا اعتراف کیا ہے۔ جریدے کے مطابق 2025 میں پاکستان نے عالمی سیاست میں دوبارہ اہم مقام حاصل کیا، مئی میں پاک بھارت کشیدگی نے پاکستانی دفاعی صلاحیت اور ساکھ کو مضبوط کیا۔ پاکستان نے کشیدگی کے دوران موثر سفارت کاری کے ذریعے واشنگٹن کا اعتماد بحال کر کے تعلقات کو نئی سمت دی۔ عالمی جریدے

بقیہ نمبر 56 صفحہ 5 پر

کے مطابق جنوبی ایشیا، چین اور وسط ایشیا تک رسائی میں کلیدی پل قرار دے کر امریکا نے پاکستان کی علاقائی اہمیت کو مرکزی حیثیت دی۔ پاکستان متعدد علاقائی ایشیا، وسطی ایشیا، مشرقی ایشیا، مشرق وسطیٰ کے درمیان سنگم پر موجود ہے۔ کیریولائنا پولیٹیکل ریویو کے مطابق پاکستانی بندرگاہیں خاص طور پر بلوچستان میں گوادر بہت بڑا ہوب ہے، گوادر سمیت ساحلی پٹی کی اسٹریٹجک قدر بڑھنے سے بندرگاہی اور معدنی خزانوں کے نئے امکانات سامنے آئے جبکہ پاکستان کی بیک کے ساتھ ساتھ کثیر الجہتی توازن برقرار رکھ کر قومی مفادات کو بڑھایا۔ نئے معاشی راہیں کھولے۔ مالی جریدے کے مطابق فورمز میں اپنے انگیجمنٹ نے اپنی قومی سلامتی کی حکمت عملی شائع کی جس میں دنیا بھر میں امریکا کے کردار اور مفادات پر روشنی ڈالی گئی، پاکستان ان قومی سلامتی کے مفادات کے حصول کے لیے امریکا کا کلیدی اتحادی ہوگا۔ اپنے انتخابی مہم کی طرف سے امریکا اور پاکستان کے تعلقات میں حالیہ تبدیلی نے دنیا بھر کے میڈیا کی سرخیوں کو اپنی طرف متوجہ کیا۔ مالی جریدے کے مطابق ایگزم بینک نے صوبہ بلوچستان میں ریکوڈک میں کان کنی اور اہم معدنیات کے لیے 1.25 بلین ڈالر کی فنانسنگ کی منظوری دی۔ ریکوڈک میں ایگزم بینک فنانسنگ کی خبر سرمایہ کاری، اتحاد اور روزگار کے نئے امکانات کی طرف اشارہ کرتی ہے۔ کیریولائنا پولیٹیکل ریویو کے مطابق بلوچستان میں تیل کے امکانات پر امریکا پاکستان تعاون کا چوتھا توانائی کے شعبے میں بڑی امید کے طور پر سامنے آیا۔ پاکستان نے اسٹریٹجک خودمختاری کے ساتھ ساتھ اتحاد کر کے امریکا کے ساتھ رہنے کو پائیدار مفاد کی سمت بڑھایا۔

بلوچستان میں بڑی تعداد میں بچے سکولوں سے باہر ہیں' سینیٹر عبدالقادر

صوبے کو منشیات جرائم اور دہشتگردی سے پاک کرنے کیلئے نوجوانوں کو تعلیم دینا ہوگی

اسلام آباد (پ ر) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے اپنے خصوصی بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان میں آج بھی بچوں کی بڑی تعداد اسکولوں سے باہر ہے، حالیہ تخمینوں 2024-25 کے مطابق یہ شرح تقریباً 69 فیصد ہے جو ملک میں سب سے زیادہ ہے، جبکہ صوبے میں تعلیمی، معاشی صنفی تفاوت کے باعث مزید سنگین ہو چکا ہے جہاں تقریباً تین چوتھائی بچیاں تعلیم سے

بقیہ نمبر 11 صفحہ 5 پر

محروم ہیں، انہوں نے کہا کہ پاکستان بھر میں 38 فیصد بچے اسکولوں سے باہر ہیں، سینیٹر محمد عبدالقادر نے حکومت بلوچستان پر زور دیا کہ وہ بلوچی نوجوانوں کی تعلیم کے شعبے پر توجہ دے اور یہاں کے مستقبل کو محفوظ بنانے کے لیے عملی اقدامات کرے، کیونکہ فطرت کے اثاثے، اعلیٰ تعلیمی اداروں اور ریاست کرنے کے قابل ہیں، اگر حکومت بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا چاہتی ہے تو تعلیم سے محروم بچوں کو ہر تعلیم سے آراستہ کرنا ہوگا کیونکہ یہ ہی دہشتگردی، جرائم اور دہشتگردی سے نمٹنے کا سب سے بڑا ذریعہ ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily MASHRIQ QUETTA

Bullet No 3 Dated 29 DEC 2025 Page No 14

پشتونخوامیلی عوامی پارٹی عوامی حقوق پر کبھی سمجھوتہ نہیں کریگی سید شراف آغا

شدید سردی اور شہریوں کی سہولت کے پیش نظر پورے کوئٹہ شہر میں گیس کی پریشر کے ساتھ فراہمی یقینی بنائی جائے، اور لیس بڑیچ

کوئٹہ شہر میں بجلی کی بلاتعطل فراہمی، چوریوں، واکیٹیوں کا مکمل خاتمہ کیا جائے، عوام کو اکیلا نہیں چھوڑیں گے، صورت خان کاکڑ

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوامیلی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے ضلع کمیٹی کا اجلاس پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر و ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا کی صدارت پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں پارٹی ضلع کوئٹہ کے ضلع ایگزیکٹیو، ضلع کمیٹی کی رپورٹس پیش کی گئی۔ اجلاس میں تحصیلوں پر زور دیا گیا کہ وہ اپنے علاقائی یونٹس کے کانفرنسز کو جلد از جلد یقینی بنائیں تاکہ تحصیل کانفرنسز کے انعقاد کو یقینی بنایا جاسکے۔ اجلاس میں پارٹی کے صوبائی ایگزیکٹیوز کے اراکین سردار اور لیس بڑیچ، صورت خان کاکڑ، گل نلمی، حضرت عمر ایڈووکیٹ ..... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

نے شرکت کی۔ اجلاس میں خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کے شہادت کی 52ویں برسی کے کامیابی اور عظیم الشان جلسہ عام ضلع کمیٹی اور ضلع کوئٹہ کے تمام کارکنوں کو داد تحسین پیش کیا گیا۔ اجلاس میں کہا گیا کہ کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات کے ملتوی ہونے سے متعلق کہا گیا کہ بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کے لیے پارٹی مسلسل مطالبہ کرتی رہی ہے اور حالیہ انتخابات میں پارٹی نے کوئٹہ کے 172 یونین کونسلز پر چاروں ٹاؤنز میں پارٹی کے امیدواروں اور تحریک تحفظ آئین پاکستان کے پلیٹ سے مشترکہ امیدواروں کو نامزد کر رکھا تھا جس کی بھرپور انتخابی مہم چلائی گئی اور عوام کی بھرپور حمایت ہمارے امیدواروں کو حاصل تھی۔ اور یہی وجہ ہے کہ انتخابات کو ملتوی کرنے میں جن سیاسی جماعتوں نے اپنا حصہ لیا وہ ہمارے مہم اور عوامی رائے سے گھبرا چکے تھے۔ بعض سیاسی پارٹیوں کی اصلیت بھی عوام کے سامنے آچکی جو اخباری بیانات، سوشل میڈیا کے ذریعے انتخابی مہم چلاتے رہے جبکہ انتخابات کے ملتوی کرنے میں سرفہرست حصہ لیتے رہے۔ اور ان کا احتساب ووٹ کی پرچی کی طاقت سے عوام ضرور کرینگے۔ اجلاس کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ کوئٹہ شہر کے عوام جن مسائل و مشکلات سے دوچار ہیں فارم 47 کی حکومت اور وہ سیاسی پارٹیاں جنہوں نے بلدیاتی انتخابات کو ملتوی کرنے میں حصہ لیا اس کے ذمہ دار ہیں۔ اور نہ صرف امیدواروں کو مالی نقصانات سے دوچار کیا گیا بلکہ الیکشن کمیشن اور سرکاری خزانے کے کروڑوں روپے ضائع ہونے کا سبب بنے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ بلدیاتی اداروں کی فعالیت نچلی سطح پر عوام کو اقتدار حوالے کرنے کے مترادف تھی تاکہ گلی، محلے، وارڈ کی سطح پر عوام کے مسائل کو حل کر کے کسی حد تک عوام کو سہولیات دی جاسکے

سرکاری بھرتیوں میں بندر بانٹ قبول نہیں' نوابزادہ گزین مری

بی ایس ڈی آئی فنڈز من پسند شخصیات اور مخصوص گلیوں میں تقسیم کئے گئے

سڑکیں خستہ' مخصوص ٹولوں کو خوش کرنے کیلئے کروڑوں روپے خرچ کئے جارہے ہیں

کوہلو (نامہ نگار) نوابزادہ گزین مری نے کہا ہے کہ بلوچستان ایکسٹینشن ڈویلپمنٹ ایجنسی ایڈ (BSDI) کے فنڈز اجتماعی ترقی کی بجائے من پسند شخصیات اور مخصوص گلیوں میں تقسیم کئے گئے ہیں، جو ایک اجتماعی تشویشناک عمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ فنڈز کا بیشتر حصہ دور دراز اور پسماندہ علاقوں کی بجائے صرف ٹاؤن ایریاز تک محدود کر دیا گیا ہے، جس کے نتیجے میں..... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

سماجی ناہمواری اور غیر متوازن ترقی کو فروغ ملے گا نوابزادہ گزین مری نے مزید کہا کہ ترقیاتی منصوبوں اور سرکاری ملازمین کی بھرتی کی فہرستوں میں بار بار گھما پھرا کر چند مخصوص افراد کو نوازنے کی پالیسی کو فوری طور پر ترک کرنا ہوگا اس قسم کی بندر بانٹ کسی صورت قبول نہیں کی جائے گی انہوں نے کہا کہ ہی کوہلو روڈ خستہ حالی کا شکار ہے، جہاں متاثر نوجوان کی تنظیم اپنی مدد آپ کے تحت چندہ اکٹھا کر کے سڑک کی مرمت کر رہی ہے اسی طرح ضلع میں اسکولوں، ہسپتالوں اور دیگر اجتماعی سہولیات کا شدید فقدان ہے، جبکہ دوسری جانب مخصوص ٹولوں کو خوش کرنے کیلئے کروڑوں روپے خرچ کئے جارہے ہیں نوابزادہ گزین مری نے کہا کہ ترقیاتی فنڈز کی منصفانہ، شفاف اور ضرورت کی بنیاد پر تقسیم کو یقینی بنایا جائے تاکہ ضلع کوہلو کے تمام علاقوں میں یکساں اور پائیدار ترقی ممکن ہو سکے۔

مولانا ہدایت الرحمان کا سید آباد ڈیم منصوبے میں کرپشن کا نوٹس

سیکرٹری و ایکسین ایریگیشن اور دیگر متعلقہ حکام کو فوری، شفاف تحقیقات کا حکم

عوامی فلاحی منصوبے قوم کی امانت ان میں بدعنوانی برداشت نہیں' ایم پی اے

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے مہم جان کی نشاندہی پر سید آباد ڈیم منصوبے میں مبینہ کرپشن کا سخت نوٹس لے لیا فوری تحقیقات کا حکم سید آباد ڈیم منصوبے میں مبینہ کرپشن، مالی بے ضابطگیوں اور ناقص کام کی نشاندہی کے بعد امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے معاملے کا سختی سے نوٹس لیتے ہوئے سیکرٹری ایریگیشن، ایکسین ایریگیشن ..... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

ن اور دیگر متعلقہ حکام کو فوری، شفاف اور غیر جانبدار تحقیقات کا حکم دے دیا ہے یہ اقدام مہم جان کی جانب سے سامنے لایا گیا جس میں منصوبے کی لاگت، معیار تعمیر اور فنڈز کے استعمال پر سنگین سوالات اٹھائے گئے تھے۔ ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے واضح طور پر کہا کہ عوامی فلاحی منصوبے قوم کی امانت ہوتے ہیں اور ان میں کسی بھی قسم کی کرپشن، غفلت یا بدعنوانی ناقابل برداشت ہے انہوں نے ہدایت کی کہ سید آباد ڈیم منصوبے کے تمام مالی، فنی اور انتظامی امور کا تفصیلی آڈٹ کیا جائے، ٹھیکیداروں کے کردار، فنڈز کے اجراء و اخراجات، اور تعمیراتی معیار کا مکمل جائزہ لے کر جامع رپورٹ پیش کی جائے

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Ballot No 3 Dated: 29 DEC 2025 Page No. 15

گرینڈ الائنس کے احتجاج کی حمایت

نیشنل پارٹی: صوبائی حکومت ملازمین کا معاشی استحصال کر رہی ہے

بلوچستان کے ملازمین دیگر صوبوں کی نسبت کم مراعات اور تنخواہوں میں فرائض انجام دے رہے ہیں' احتجاجی تحریک میں شامل ہونگے

حکمران اپنی شاہ خرچیوں پر خطیر رقم لٹا رہے ہیں لیکن ملازمین کو جائز حقوق دینے میں لیت ولعل سے کام لیا جا رہا ہے' چنگیز مری بلوچ

کوئٹہ (پ ر) نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکریٹری چنگیز مری بلوچ نے بیان میں کہا ہے کہ حکومت وقت بلوچستان گرینڈ الائنس کے ای آر اے الائنس سمیت تمام مطالبات کو تسلیم کرتے ہوئے ملازمین دوست پالیسیوں پر عمل پیرا ہو تاکہ ملازمین دشمن پالیسیوں کے باعث بلوچستان کے ملازمین میں بے چینی پیدا کر کے انہیں احتجاج پر مجبور کرے' بلوچستان کے ملازمین پہلے ہی دیگر صوبوں کے نسبت کم مراعات اور کم تنخواہوں پر اپنے بقیہ نمبر 77 صفحہ 5 پر

ملک میں قانون نہ آئین' عوام سے احتجاج کا حق بھی چھین لیا گیا: این پی

70 سال سے مظالم کا سامنا کر رہے ہیں' ہماری مائیں بہنیں غیر قانونی طور پر جیلوں میں بند ہیں' ساجد ترین ایڈووکیٹ

ماورائے آئین اقدامات کے باعث سردار اختر مینگل نے اسمبلی نشست سے استعفیٰ دیا' صوبے کے وسائل لوٹے جا رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر ساجد ترین ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں انتہشت گزشتہ 70 سالوں سے مظالم ڈھا رہی ہے اور صوبے کے لوگوں کو مارشل لاء جیسے ماحول کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جس کی بدولت بلوچستان کی مائیں بہنیں غیر قانونی طور پر جیلوں میں قید ہیں یہ بات انہوں نے اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ ساجد ترین ایڈووکیٹ نے کہا کہ گزشتہ 70 سال سے بلوچستان کے عوام مارشل لا کا سامنا کر رہے بقیہ نمبر 80 صفحہ 5 پر

گرینڈ الائنس کا آج سے صوبے بھر میں قلم چھوڑ ہڑتال کا اعلان

کل اور پرسوں دفاتر کی مکمل تالہ بندی' ایمرجنسی شعبے معمول کے مطابق کھلے رہیں گے' علی اصغر بنگلزئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے سرکاری ملازمین کے گرینڈ الائنس کا آج سے قلم چھوڑ ہڑتال کا اعلان۔ بلوچستان گرینڈ الائنس کے جنرل سیکرٹری علی اصغر بنگلزئی کے مطابق بلوچستان کے سرکاری ملازمین حکومت کی بے حسی اور نااہلی کی وجہ سے احتجاج کے دوسرے مرحلے میں داخل بقیہ نمبر 81 صفحہ 5 پر

ہو چکے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ گرینڈ الائنس میں شامل ملازمین کی تنظیمیں آج سے قلم چھوڑ ہڑتال کریں گی جبکہ 30 اور 31 دسمبر کو صوبے کے تمام سرکاری اداروں میں مکمل لاک ڈاؤن ہوگا۔ انہوں نے بتایا کہ تنظیمات میں ایمرجنسی شعبے حسب معمول کھلے رہیں گے۔ واضح رہے کہ گرینڈ الائنس میں شامل ملازمین تنظیمیں ای آر اے سمیت دیگر مطالبات کی منظوری کے لیے پرامن احتجاج ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 3 Dated: 29 DEC 2025 Page No. 16

جماعت اسلامی

بلوچستان کو دانستہ طور پر خانہ جنگی کی طرف دھکیلا جا رہا ہے

مائیں بہنیں اپنے پیاروں کی بازیابی کیلئے سڑکوں پر احتجاج کر رہی ہیں' صوبے میں شاہراہیں غیر محفوظ ہو چکی ہیں' سراج الحق

عوام کو انصاف اور عدل کی ضرورت' مدارس کے خلاف بڑھنے والے ہاتھ توڑ دیں گے' سابق امیر جماعت اسلامی کا جامعہ اسلامیہ میکنگ آباد میں تقریب سے خطاب

حب (نمائندہ انتخاب) جماعت اسلامی کے سابق امیر سراج الحق نے کہا ہے کہ پاکستان کے فیصلے ملک کے بجائے بیرون ممالک کئے جاتے ہیں، عوام کو اپنی رائے کا حق نہیں دیا جاتا کہ وہ اپنی مرضی کی حکومت و نظام لائیں، اس وقت ملک کو انصاف اور معاشی مساوات کی ضرورت ہے، ہم یہ نہیں کہتے کہ ملک میں کسی مولوی کی حکومت ہو ہم چاہتے ہیں ملک میں قرآن و سنت کی حکمرانی ہو، دینی مدارس کے خلاف اٹھنے والے قدم اور بڑھنے والے

بقیہ نمبر 52 صفحہ 5 پر

ہاتھ توڑ دیں گے، بلوچستان پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے اس صوبے کو دانستہ طور پر خانہ جنگی، فساد، دہشت گردی اور بدامنی کی طرف دھکیلا جا رہا ہے بلوچستان کی شاہراہیں محفوظ نہیں کوئی سڑکیں کر سکتا، بلوچستان کی مائیں بہنیں اپنے پیاروں کی بازیابی کیلئے سڑکوں پر احتجاج ہیں وہ پیسے نہیں مانگ رہے اپنے پیاروں کی بازیابی کا مطالبہ کر رہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامعہ اسلامیہ میکنگ آباد میں منعقد سالانہ جلسہ تحصیل ختم الاقرار شریف کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب سے جماعت اسلامی صوبہ بلوچستان کے امیر مولانا ہدایت الرحمن بلوچ، ناظم اعلیٰ مدارس بنات اسماعیل میکنگ، مرکزی ناظم اعلیٰ جمعیت طلبہ عربیہ پاکستان مولانا محمد الفضل اور جماعت اسلامی بلوچستان کے ایڈیشنل سیکرٹری مولانا عبدالحق بلوچ نے بھی خطاب کیا سابق مرکزی امیر و سینیٹر سراج الحق نے خطاب کرتے ہوئے مزید کہا کہ ملک کے سالانہ بجٹ میں 5 ہزار ارب روپے کی کرپشن ہو رہی ہے آج پاکستان کی غریب قوم 8 ملین کا سود ادا کر رہی ہے یہ کرپشن کوئی سوئی نہیں کر رہا بلکہ لوگ کرپشن کر رہے ہیں وہ ظالم کا ہاتھ نہیں مارتے انہوں نے کہا کہ پاکستان کے فیصلے اپنے ملک کے بجائے بیرون ممالک میں ہو رہے ہیں ملک میں قرضہ ناقابل گیا ہے اور 25 کروڑ عوام کے لیے قرضے کر رہے ہیں آج اس ملک کو انصاف، عدل کی ضرورت ہے معاشی مساوات کی ضرورت ہے سراج الحق نے کہا کہ موجودہ حکمران ملک میں ایک اور ٹاؤن ایئے کی تیاری کر رہے ہیں جس سے چند سرمایہ کار فائدہ اٹھائیں گے انہوں نے کہا کہ ملک میں اس وقت دہشت گردی KPK اور بلوچستان کی صوبائی سطح پر لڑائی کی جا رہی ہے اس ایٹمی صوبہ میں عوام آگ میں جل رہے ہیں حالانکہ صوبائی کی امریکہ اور چین کو ضرورت ہے اور صوبائی کی وجہ سے KPK اور بلوچستان میں آگ لگی ہوئی ہے ہر کوئی چاہتا ہے کہ صوبائی کے گلی میں آ جائے اس جنگ میں 85 ہزار کے قریب لوگ شہید ہو چکے ہیں جس میں بچے، بوڑھے اور خواتین بھی شامل ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے اس صوبے کو خانہ جنگی، دہشت گردی اور بدامنی کی طرف دھکیلا جا رہا ہے سینیٹر سراج الحق نے کہا کہ ہم دنیا کو بتانا چاہتے ہیں کہ ہم آزاد ہیں تو اس میں علماء کرام کی قربانیاں اور خون شامل ہے 1857ء کی جنگ آزادی میں 12 ہزار سے زائد مسلمانوں اور علماء کرام شہید ہوئے اور انگریزوں نے علماء کرام کو پھانسی اور درختوں پر لٹکا کر شہید کر دیا اور بڑی تعداد میں علماء کرام کو کالا پانی کیا گیا آج ملک کی شناخت ہے تو علماء کرام کی مرہون منت ہے ہمیں اپنے مدارس پر فخر ہے ان کی حفاظت کرنا جانتے ہیں جو قوم مدارس کے خلاف اٹھے گا اور ہاتھ بڑھے گا تو اسے توڑ دیں گے سراج الحق نے جامعہ اسلامیہ میکنگ آباد کے فارغ التحصیل علماء کرام و حفاظ کو مبارک دیتے ہوئے کہا کہ مدرسہ ہذا میں 300 سے زائد طلباء زیر تعلیم ہیں یہ ان کے اخراجات شخصیں برداشت کرتے ہیں اگر کوئی نواب، سردار ایک دن 300 طلباء کو کھانا کھلائے تو دوسرے دن وہ اپنا ہاتھ کھڑا کر دیتا ہے ان دینی مدارس کے طلباء اخراجات تعلیم مدرس کے شخصیں کرتے ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No: 4

Dated: 29 DEC 2025

Page No: 17

خیبرپختونخوا اور بلوچستان میں کامیاب کارروائیاں، 12 دہشتگرد ہلاک

کرک میں 8 اور قلات میں 4 شرپسند مارے گئے، متعدد ٹھکانے تباہ، بھاری اسلحہ اور گولہ بارود برآمد، ایک اہلکار زخمی

اسلام آباد (فاروق اقدس) اور پاکستان کے ضلع قلات میں سیکورٹی فورسز نے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کرتے ہوئے بھارتی حمایت یافتہ چار دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا جبکہ خیبر پختونخوا کے ضلع کرک میں دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر پولیس اور سی ٹی ڈی کی کارروائی کے دوران آٹھ دہشت گرد مارے گئے، ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے بھاری اسلحہ گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد برآمد، شرپسندوں کے متعدد ٹھکانے تباہ، ایک اہلکار زخمی ہو گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 27 دسمبر کو سیکورٹی فورسز نے ضلع قلات میں بھارتی پراکسی تنظیم فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر آپریشن کیا اور دہشت گردوں کے ٹھکانے کو موثر انداز میں نشانہ بنایا جس کے نتیجے میں شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا، کارروائی کے دوران چار بھارتی حمایت یافتہ دہشت گرد ہلاک کر دیے گئے، ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے اسلحہ گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد بھی برآمد کر لیا۔ ادھر کرک میں سی ٹی ڈی اور پولیس نے مشترکہ آپریشن کے دوران آٹھ دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ آر پی او کوہاٹ عباس مجید مروت نے بتایا کہ دوران آپریشن دہشت گردوں کے متعدد ٹھکانے تباہ کیے گئے، آر پی او کوہاٹ عباس مجید مروت کے مطابق آپریشن بہادر خیل میں کیا گیا اس دوران ایک اہل کار زخمی ہو گیا۔

سنجاوی: مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک بھائی جاں بحق، دوسرا زخمی

اپنے لگائے ہوئے ناکے پر نہ رکنے پر نشانہ بنایا، لیویز اہلکاروں سے اسلحہ بھی چھین لیا اور فرار ہو گئے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بہرائی سنجاوی روڈ پر مسلح افراد نے اپنے لگائے ناکے پر موٹر سائیکل روکنے کا اشارہ نظر انداز کرنے والوں پر فائرنگ کر دی جس سے ایک بھائی جاں بحق جبکہ دوسرا زخمی ہو گیا۔ مسلح افراد لیویز اہلکاروں سے اسلحہ چھین کر فرار ہو گئے۔ لیویز ذرائع کے مطابق سنجاوی کے علاقے طور خام روڈ سور پل کے قریب تو اوری شب مسلح افراد نے ناکہ لگا کر گاڑیوں اور مسافر کوچوں کی چیکنگ شروع کر دی۔ اس دوران مسلح افراد نے سنجاوی سے بہرائی جانیوالے دو بھائیوں سمیہ اللہ اور گل محمد ولد حاجی دینار خان کو رکنے کا اشارہ کیا اور ان کے نہ رکنے پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں سمیہ اللہ موقع پر جاں بحق جبکہ گل محمد زخمی ہو گیا۔ جبکہ مسلح افراد لیویز اہلکاروں سے اسلحہ بھی چھین کر فرار ہو گئے اطلاع ملنے پر سیکورٹی فورسز لیویز کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے کر لاش اور زخمی کو ہسپتال پہنچایا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش آبائی علاقے قلعہ سیف اللہ روانہ کر دی جبکہ سیکورٹی فورسز نے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے۔

وڈھ کے علاقے وہیر میں ایک نوجوان کی گولیوں سے چھلنی لاش برآمد

خضدار (آن لائن) تحصیل وڈھ کے علاقے وہیر میں مدرسے کے قریب ایک نوجوان کی گولیوں سے چھلنی لاش برآمد ہوئی واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور لاش کو تحویل میں لے کر ضروری قانونی کارروائی کے لیے اسپتال منتقل کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق وڈھ پولیس کے مطابق مقتول کی شناخت خلیل احمد ولد بشیر احمد ملازئی کے نام سے ہوئی ہے۔ لاش مدرسے کے قریب ایک ویران جگہ سے برآمد ہوئی، جہاں خون کے نشانات بھی پائے گئے۔ تاہم واقعہ کے محرکات تاحال معلوم نہیں ہو سکے۔ پولیس واقعے کے بارے میں تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔

پشین: موٹر سائیکل میں نصب ریموٹ کنٹرول بم ناکارہ بنا دیا گیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پشین میں پولیس اور سیکورٹی فورسز کو نشانہ بنانے کی کوشش ناکام سی ٹی ڈی نے موٹر سائیکل میں نصب ریموٹ کنٹرول بم ناکارہ بنا دیا پولیس ذرائع کے مطابق دہشت گردوں نے پولیس سور سیکورٹی فورسز کا نشانہ بنانے کے لئے موٹر سائیکل میں ریموٹ کنٹرول بم نصب کر کے گزشتہ شب پشین کے علاقے سرخاب چوک پر کھڑی کی تھی پولیس اہلکار معمول کی گشت کر رہے تھے مشکوک موٹر سائیکل کو دیکھ کر علاقے کو گھیرے میں لے کر سی ٹی ڈی بم ڈسپوزل اسکواڈ کو طلب کیا جس نے موقع پر پہنچ کر موٹر سائیکل میں نصب ریموٹ کنٹرول بم کو ناکارہ بنا کر تحویل میں لے لیا ٹی ڈی ٹیم کے مطابق دہشت گردوں نے دو کلو دھماکہ خیز مواد ریموٹ کنٹرول کے ذریعے موٹر سائیکل میں نصب کیا تھا جسے بروقت ناکارہ بنا دیا گیا۔

کوئٹہ اور گوادر میں تین لاشیں برآمد

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ اور گوادر میں بوری بند سمیت تین لاشیں برآمد ہوئی۔ گوادر سے ملنے والی لاش کئی روز پرانی ہے یونہ سریاب پولیس کے مطابق پولیس کو اتوار کی صبح اطلاع ملی تھی کہ سیماب کالونی جونیئر بائی پاس پر ایک لاش پڑی ہوئی ہے موقع پر پہنچ کر لاش کو تحویل میں لے کر ہسپتال پہنچایا پولیس نے بتایا کہ نامعلوم افراد نے مقتول کو پہلے گولیاں مار کر قتل کرنے کے بعد لاش پھینک کر فرار ہو گئے جبکہ کیچی بیگ پولیس کے مطابق پولیس کو قسرانی روڈ کے علاقے وزیر باغ کے قریب سے ایک بوری بند لاش ملی جسے ہسپتال منتقل کر دیا نامعلوم افراد نے خنجر کے وار اور تیز دھار آلے سے قتل کرنے کے بعد لاش کو بوری میں بند کر کے باغ کے قریب پھینک کر فرار ہو گئے ہسپتال میں ضروری کارروائی کے بعد لاشوں کو شناخت کیلئے سرد خانے میں رکھوا دیا گیا۔ یونہ سریاب اور کیچی بیگ پولیس نے مقدمات درج کر کے کیس سیریس کرائم انکوئری کمیشن ونگ منتقل کر دیئے۔ جبکہ ایس ایس پی کوہاور عطاء الرحمن نے ونگ کو بتایا کہ گزشتہ روز کوارٹر ہارر جینی کے قریب رہائشی کوارٹر سے شدید بدبو آنے پر اہل علاقہ نے پولیس کو آگاہ کیا جس پر پولیس نے موقع پر کوارٹر کا دروازہ کھول کر اندر داخل ہوئی تو ایک کمرے میں لاش پڑی ہوئی تھی جسے تحویل میں لے کر ہسپتال پہنچایا لاش کی شناخت میر ہور ساکر کے نام سے ہوئی جو سندھ کے علاقے گھوٹکی کا رہائشی تھا اور کئی عرصے سے گوادر میں محنت مزدوری کرتا تھا انہوں نے بتایا کہ ڈاکٹرز کے مطابق لاش کئی روز پرانی اور گل سڑ گئی ہیں بظاہر تو یہ معلوم ہو رہا ہے کہ یہی موت ہے تاہم پوسٹ مارٹم رپورٹ کے بعد ہی اصل حقائق معلوم ہو سکے ہسپتال میں ضروری کارروائی کے بعد لاش سرد خانے میں رکھ دی گئی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

29 DEC 2025

Bullet No 5

Page No. 18

کوئٹہ سیٹلائٹ ٹاؤن گول مسجد بلاک ون کا ٹرانسفارمر ایک ہفتے سے خراب

مکینوں نے زونل منظور ہو گئے لیکن علاقہ اوری کیلئے سیوریج پر 80 ہزار روپے کی ڈیمانڈ

کوئٹہ (اپ ر) سیٹلائٹ ٹاؤن گول مسجد بلاک ون کا ٹرانسفارمر ایک ہفتے سے خراب ہونے کے باعث مکینوں کے زونل منظور ہو کر رہ گئے ہیں اس علاقہ نے بتایا کہ بجلی نہ ہونے کی وجہ سے پانی کی بھی شدید قلت پیدا ہو گئی ہے جس کی مساجد میں وضو تک کیلئے پانی نہیں ہے انہوں نے الزام عائد کیا کہ پارٹی کیشنگ کے نام کو ٹرانسفارمر کی ادائیگی کیلئے کہا گیا جس پر ٹرانسفارمر مرمت کرنے کیلئے 12 ہزار روپے طلب کئے جا رہے ہیں انہوں نے کیشنگ ڈیمانڈ سے مطالبہ کیا کہ علاقے میں ٹرانسفارمر فوری طور پر درست کر کے بجلی بحال کی جائے اور نہ شدید احتجاج کریں گے۔

چاغی میں آٹے کا بحران، قیمتیں آسمان کو پہنچ گئیں

50 کلو کی بوری 6 ہزار 2 سو کی ہو گئی، سماج خواروں نے بھی عوام کو لوٹنا شروع کر دیا

چوٹی (نامہ نگار) چوٹی میں آٹے کا بحران جاری قیمتیں آسمان کو پہنچ گئیں تفصیلات کے مطابق چوٹی میں آٹا، چینی، خوراک کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کی وجہ سے مہنگائی کے پسے ہوئے عوام کی مشکلات میں اضافہ ہو گیا، چوٹی میں 50 کلو آٹے کی بوری 6 ہزار 2 سو کی ہو گئی تو دوسری جانب سماج خواروں نے موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اشیاء خوراک کی قیمتوں میں من مانے اضافہ کر کے عوام کو لوٹنے کا سلسلہ شروع کر دیا ہے۔ عوامی حلقوں نے ڈی سی چوٹی و اسسٹنٹ کمشنر سے مطالبہ کیا ہے کہ چوٹی میں آٹے کی قیمتوں میں اضافہ روکنے کے لئے موثر اور جامع اقدامات کئے جائیں اور مہنگائی کی چکی میں پسی عوام کو ریلیف پہنچانے کیلئے اقدامات کئے جائیں۔

کوئٹہ اسٹیورٹ روڈ بلوچ کالونی میں صفائی کی ناگفتہ بہ صورتحال

محلہ صفائی کئی کئی روز تک غائب، سیوریج سسٹم تباہ، متعلقہ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ

کوئٹہ (اپ ر) اسٹیورٹ روڈ بلوچ کالونی و ملحقہ گلیوں میں صفائی کی ناگفتہ بہ صورتحال جا بجا کوڑا کرکٹ کے ڈھیر لگ گئے اہل علاقہ محسن خان ایڈووکیٹ ملک عرفان علی، حافظ فیضان اور سلیمان خان نے بتایا کہ پرائیویٹ پیک پارٹر شپ سے محلہ صفائی روزانہ کی بنیاد پر گلیوں کی صفائی کرتا تھا لیکن محلہ صفائی مین روڈ پر صفائی کر کے چلا جاتا ہے جبکہ ملحقہ گلیوں خوج کالونی و دیگر میں کئی کئی روز محلہ صفائی غائب رہتا ہے جس کے باعث گندگی کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں سیوریج سسٹم درہم برہم ہونے سے گندگی گلیوں میں پڑی رہتی ہے جس سے تعفن پھیل رہا ہے انہوں نے ایڈمنسٹریٹر متعلقہ علاقہ سے اپیل کی کہ اسٹیورٹ روڈ بلوچ کالونی میں روزانہ کی بنیاد پر صفائی کے احکامات جاری کئے جائیں۔

کلی لوہڑ کاریز میں مسائل کے انبار، مکین پریشان، محلہ کمیٹی

پانی کی قلت، صفائی کی ناگفتہ بہ صورتحال، پیدل چلنا محال ہو گیا، رشنا محمد شک و دیگر

کوئٹہ (اپ ر) کلی لوہڑ کاریز کے سربراہ حاجی رشنا محمد شک، عبید شکوری، نیاز محمد مستی، شیر محمد عمرانی اور دیگر نے بیان میں کہا ہے کہ پی پی 88 کلی لوہڑ کاریز مسائل کا گڑھ بن چکا ہے تیس سال سے علاقے کے غریب عوام پینے کے لئے صاف پانی کی کمی کا شکار ہیں ٹیوب ویل ٹرانسفارمر کی عدم دستیابی کی وجہ سے رشنا واسا کے واٹر شو ٹیوب غیر فعال ہیں انہوں نے علاقے میں گیس پریشر نہ ہونے کے برابر ہے جبکہ بجلی بحران سے روزانہ کم از کم 18 گھنٹے لوڈشیڈنگ ہوتی ہے دوسری جانب قدیم سیوریج لائن کے بجائے آبی کاریز کلی لوہڑ کاریز کی جانب موڑ دیا گیا ہے جس سے نالے بند ہیں اور مین سڑک پر گندے پانی کے اکٹھے تالابوں کی وجہ سے پیدل چلنا محال ہو گیا ہے جہاں سے راہگیروں خاص طور پر خواتین، بچے، ریٹائرڈ پانی سکول کی طالبات کو سکول آنے جانے میں شدید مشکلات کا سامنا ہے انہوں نے کہا کہ علاقہ ایم پی اے مسائل سے بے خبر ہیں جبکہ عوام اذیت کی زندگی گزار رہے ہیں انہوں نے چیئرمین پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری صوبائی صدر چیئرمین پارٹی اور وزیراعلیٰ بلوچستان سے علاقہ ایم پی اے کے رویہ کے نوٹس لینے کی اپیل کی اور مطالبہ کیا ہے کہ علاقے کے بنیادی مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جائیں بصورت دیگر احتجاج کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔

نواں کلی بائی پاس ٹوٹ پھوٹ کا شکار، پل گرنا شروع ہو گئے

ناقص میٹریل کا استعمال، دو سال قبل تعمیر کیا گیا تھا، متعلقہ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نواں کلی بائی پاس ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو گیا۔ اسی تھریا دو سال قبل تعمیر ہونے والے اس بائی پاس پر جگہ جگہ دراڑیں پڑ چکی ہیں اور سڑک اکھڑنا شروع ہو گئی۔ اسی بنا پر دو قبل اس بائی پاس پر مشینری کے ذریعے سڑک کو کھرچا گیا تو وہاں انتہائی ناقص میٹریل تعمیر کیا گیا حالانکہ سڑک پر ڈالے جانے والے ٹیک تارکول کی مرمت کا چارج ہونا ضروری ہے۔ اس ناقص تعمیر کی وجہ سے یہ سڑک دو سال ہی میں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو گئی اور اب اس کی مرمت پر کروڑوں روپے کے اخراجات آئیں گے۔ اسی طرح بائی پاس ایک مقام پر جا کر دو حصوں میں تقسیم ہوتا ہے اور ایک حصہ بند پاشا زاہد اسپتال کی جانب اور دوسرا زرغون ہاؤسنگ اسکیم سے ہوتا ہوا کوئٹہ مین روڈ سے جا کر ملتا ہے۔ اس حصے پر بنائے گئے پل بھی ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو چکے ہیں اور ایک پل میں باقاعدہ شگاف پڑ چکا ہے جبکہ دوسرے پل کی کنکریٹ بھی اکھڑ چکی ہے اور باقاعدہ سریے کا جال نظر آ رہا ہے۔ اس روڈ کے آخر میں برساتی نالے پر بنایا گیا پل دو مرتبہ ٹوٹ چکا ہے اور ایک بار پھر اس کی تعمیر کا کام چل رہا ہے۔ سڑکوں کی ادھیڑ بن میں کروڑوں روپے کے فنڈز خورد برد کی نذر ہو رہے ہیں عوام کو کوئی ریلیف نہیں مل رہا۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ حکومت کی جانب سے کوئٹہ شہر کو پیرس بنانے کے دعوے تو بہت کئے جاتے ہیں مگر دوسری جانب اداروں میں تعاون کے فقدان کے باعث شہر کو کھنڈرات بنا دیا گیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ شہر سے نو ایم پی ایز اور تین ایم این ایز پارلیمان میں موجود ہیں جو سالانہ اربوں روپے فنڈز وصول کرتے ہیں مگر عوام کی فلاح بہبود پر ایک روپیہ بھی خرچ نہیں کرتے عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ کوئٹہ شہر سمیت نواں کلی بائی پاس کی ٹوٹی پھوٹی سڑکوں کو جلد از جلد تعمیر کیا جائے تاکہ عوام کو سفری سہولیات میسر آ سکیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5

Date: 29 DEC 2025

Page No. 19

طویل لوڈ شیڈنگ، قلت آب، شہری عاجز

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سردیوں میں بھی شہر کے مختلف علاقوں میں طویل لوڈ شیڈنگ کا سلسلہ نہ رک سکا، بار بار بجلی کی طویل بندش اور قلت آب سے شہری عاجز آگئے تفصیلات کے مطابق شہریوں کا کہنا ہے کہ بجلی کی طویل ترین بندش اور پانی کی عدم فراہمی کی وجہ سے لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ نواحی اور گنجان آبادی والے علاقوں میں بجلی کی بندش اور گھروں میں پانی کا نہ ملنا بھی کسی عذاب سے کم نہیں ہے۔ عوامی حلقوں نے اس حوالے سے کیسکو اور واسا حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ کوئٹہ شہر میں پانی کی باقاعدگی سے فراہمی کو یقینی بناتے ہوئے عوام کو لوڈ شیڈنگ سے نجات دلائی جائے۔

گنداواہ: بجلی کی فراہمی میں رکاوٹیں، صارفین کو مشکلات کا سامنا

مین فرا کنیکشن لائن غیر محفوظ اور سیلابی علاقہ سے لائی گئی ہے، کیسکو حکام پٹرولنگ بھی نہیں کر سکتے

گنداواہ (نامہ نگار) گنداواہ ضلع جھل مگسی کا صدر مقام اور مرکزی تجارتی شہر ہے مگر جدید دور میں بجلی جیسی بنیادی ضرورت سے محروم ہے گنداواہ کو بھاگ گڑھ سے بجلی فراہم کی گئی لیکن قلت میں مین فرا کنیکشن لائن غیر محفوظ اور سیلابی علاقہ سے لائی گئی جس کی کیسکو حکام پٹرولنگ بھی نہیں کر سکتے جس کی وجہ سے عرصہ تیس سال سے زیادہ ہونے کی وجہ سے درجنوں کھمبوں کو نقصان ہوا ہے اور ان کے انسولیٹر بھی نہیں ہیں اور نہ ہی لائنیں ہیں جس کی وجہ سے جو چند گھنٹے اگر بھاگ گڑھ سے بجلی فراہم بھی کی جاتی ہے تو وہ بار بار ٹرپنگ اور مین لائن میں فالٹ آنے کے باعث بند رہتی ہے بجلی کی بندش سے دفاتر میں عوام کے کام اٹوا میں رہتے ہیں بنک کے صارفین پریشان رہتے ہیں نادرا اور بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سے استفادہ نہیں کیا جا سکتا کھمبوں کی تنصیب اور تاروں کے لیے چھ کروڑ مختص کر کے کیسکو کو دے دیے گئے ہیں لیکن ابھی تک کام شروع نہیں کیا جا رہا ہے عوامی حلقوں نے کیسکو چیف سے مطالبہ کیا ہے کہ مین لائن کی مرمت و تبدیلی کا کام شروع کر کے عوام کو بجلی کی سہولت فراہم کی جائے

کوئٹہ: چوری، ڈکیتی، راہزنی کی بڑھتی وارداتوں سے شہری پریشان

موٹر سائیکل چوروں کی سوشل میڈیا پر تصاویر وائرل ہونے کے باوجود ملزمان کے خلاف کوئی کارروائی نہیں ہوئی

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ میں موٹر سائیکل چوری، ڈکیتی، راہزنی کی بڑھتی ہوئی وارداتوں نے شہریوں کی زندگی کی اجیرن بنا دی ہے۔ گزشتہ روز پشین اسٹاپ کے قریب مسجد کی پیش امام کی نامعلوم چور موٹر سائیکل چوری کر کے لے گئے۔ ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ کی جانب سے اعلان کیا گیا ہے کہ پولیس موٹر سائیکل چوری، چھینے اور دیگر راہزنی کی وارداتوں کے تدارک کے لئے عملی اقدامات اٹھائے گی ان کے ویڈیو پیغام میں جاری کردہ اعلان کے باوجود روزانہ موٹر سائیکل چوری اور چھیننے کی وارداتیں تواتر کے ساتھ ہو رہی ہے اور موٹر سائیکل چوری کرنے والے ملزمان کی سوشل میڈیا پر تصاویر بھی وائرل ہو رہی ہے تاحال پولیس کی جانب سے موٹر سائیکل چوری کرنے کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کو قانون کے شکنجے میں جکڑنے کیلئے کوئی عملی اقدامات نہیں اٹھائے گئے جس کی وجہ سے شہریوں میں شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ عوامی حلقوں نے ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ سے اپیل کی ہے کہ بڑھتی ہوئی چوری ڈکیتی کی وارداتوں کا تدارک کرتے ہوئے ان ملوث ملزمان کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دیکر کوئٹہ کے عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے۔

صوبائی دارالحکومت میں گیس پریشر میں کمی کا مسئلہ برقرار

بچے بزرگ دن رات سردی میں ٹھٹھرتے رہتے ہیں، کھانا پکانے میں شدید دشواری کا سامنا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت میں گیس پریشر میں کمی کا مسئلہ برقرار، صارفین کو شدید مشکلات کا سامنا، تفصیلات کے مطابق کوئٹہ و گرد و نواح کے مختلف علاقوں میں گیس پریشر کی کمی کا مسئلہ برقرار ہے جسکی وجہ سے لوگوں بالخصوص خواتین کو کھانا پکانے میں شدید دشواری کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ اکثر علاقوں میں پریشر کم جبکہ بعض علاقوں میں گیس بالکل غائب رہتی ہے جسکی وجہ سے بچے بزرگ دن بھر سردی میں ٹھٹھرتے رہتے ہیں جبکہ گیس کی عدم دستیابی کی وجہ سے کوئلہ لکڑیوں سمیت دیگر متبادل ایندھن کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ہو گیا ہے انہوں نے مطالبہ کیا کہ فی الفور شہر کے وسطی و نواحی علاقوں میں گیس پریشر میں کمی کے مسئلے کو حل کیا جائے بصورت دیگر شدید احتجاج کیا جائے گا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 6

Date: 29 DEC 2025

Page No. 20

عوامی خدمت حکومت کی اولین ترجیح

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے گزشتہ روز اٹھارویں نیشنل ورکشاپ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ صوبائی حکومت عوام کو بہترین سروس کی فراہمی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے، مربوط نظم و نسق کے بغیر خدمات کی فراہمی موثر نہیں ہو سکتی اور خدمات کی فراہمی میں بہترین ادارہ جاتی شفافیت اور عوامی اعتماد کو فروغ دیتی ہے تمام محکموں میں اصلاحات پر کام جاری ہے ان اصلاحات کا بنیادی مقصد سرکاری اداروں کی حالت بہتر بنانا اور عام آدمی تک ان کے ثمرات پہنچانا ہے، عوام کی خدمت اور فلاح و بہبود حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں بہترین اور فوری طبی سہولیات فراہم کرنے کیلئے حکومت نے عارضی طور پر بنیادوں پر 4000 ڈاکٹرز اور سٹاف بھرتی کئے ہیں صوبے میں ٹوٹل 918 غیر فعال بنیادی مراکز صحت فعال کئے جس نے بنیادی مراکز صحت میں ڈاکٹروں کی موجودگی کو یقینی بنایا گیا ہے، ہیلتھ کارڈ سے 3 لاکھ سے زائد مریضوں کا علاج کیا جا چکا ہے۔ اس طرح صوبے بھر میں 14000 اساتذہ بھرتی کرنے سے 14556 سکولز فعال ہوئے۔ صوبے میں بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے ذریعے مزید 650 سے زائد سکولز کھل چکے ہیں۔ جس سے ٹوٹل 95000 سے زائد بچے سکولز میں داخل ہو چکے ہیں۔ صوبائی حکومت انٹرپرائز ڈیویلپمنٹ کے ذریعے صوبے میں نوجوانوں کی روزگار کی فراہمی کیلئے ایک پروگرام شروع کیا ہے جس سے بلوچستان کے 6 اضلاع میں 60 ہزار نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی کے مواقع فراہم کئے جا رہے ہیں۔

ہم سمجھتے ہیں کہ چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کا مذکورہ بیان قابل تعریف ہے انہوں نے اس میں صوبائی حکومت کی جو کارکردگی بنائی ہے وہ حقیقت پر مبنی ہے کیونکہ جب سے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت موجودہ مخلوط حکومت برسر اقتدار آئی ہے اس نے عوامی فلاح و بہبود کے متعدد کام کئے ہیں جو عوام کی فلاح و بہبود سے متعلق ہیں۔ ان تمام کاموں کا ذکر چیف سیکرٹری بلوچستان نے مذکورہ تقریب سے خطاب کے دوران کر دیا ہے جس میں صحت اور تعلیم جیسے اہم شعبوں میں موجودہ صوبائی حکومت کی جانب سے کی گئیں اصلاحات کا ذکر کیا ہے چونکہ یہ دونوں شعبے بڑی اہمیت کے حامل ہیں ان میں بہت زیادہ خامیاں تھیں جو موجودی حکومت نے اقتدار میں آنے کے بعد کافی حد تک ان کو ختم کرنے کی کوشش کی ہے، محکمہ صحت میں 4000 ڈاکٹرز اور سٹاف کی بھرتی سے 918 غیر فعال بنیادی مراکز صحت کی بحالی سے عوام کو روزگار کی سہولتیں میسر ہو سکیں گی۔ اس طرح 14000 اساتذہ کو بھرتی کر کے 14556 سکولز فعال کرنے بھی ایک بڑا کارنامہ ہے اس سے صوبے میں محکمہ تعلیم میں پائے جانے والے نقائص ختم ہونگے اور تعلیم کا بول بالا ہو گا۔ ہیلتھ کارڈ پر عوام کو علاج و معالجہ کیلئے دی جانیوالی سہولت بڑا اچھا اقدام ہے۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ صوبائی حکومت کو صحت اور تعلیم کے شعبوں میں لائی جانے والی اصلاحات دیگر محکموں میں بھی لاتے ہوئے ان کی کارکردگی بھی بہتر کرنے کے اقدامات کرنے چاہئیں کیونکہ ایسا کرنا انتہائی ناگزیر ہے اس کے مثبت اثرات مرتب ہونگے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No 6

29 DEC 2025

Page No. 21

Slow pace of development

Quetta, the provincial capital of Balochistan, has long been fighting with the slow pace of development work. This persistent issue has resulted in immense inconvenience and hardship for its residents. The city's infrastructure, particularly its roads and sewerage systems, remains in a state of disrepair, hindering daily life and economic activity. One of the most glaring examples of this sluggish progress is the ongoing road expansion projects. Key thoroughfares like Sariab Road, Muneer Mengal Road, and Sirki Road have been under construction for years, with little to show for the substantial investments. These projects, initially conceived to alleviate traffic congestion and improve connectivity, have instead become symbols of bureaucratic inefficiency and a lack of accountability. The consequences of these delays are far-reaching. Commuters face daily traffic jams, wasting precious time and fuel. Businesses struggle to transport goods and services, impacting the local economy. Moreover, the dilapidated roads and inadequate drainage systems exacerbate flooding during the monsoon season, causing widespread damage and displacement. The Balochistan Assembly's Public Accounts Committee last year had expressed concerns over the slow pace of work on development projects initiated years ago under the Quetta Development Package and warned the issue would be referred to NAB if the planning and development department did not submit its report on the issue. According to the audit report, a contract was signed with Nespak for Quetta Development Programme on June 15, 2017, for which Rs286.78 million had been paid to the company. After discovering flaws in the design, the contract with the firm had been cancelled but the amount paid to the company has not been recovered so far. It is imperative that the government and concerned authorities must take immediate steps to address this pressing issue. Expediting the pace of work on these projects is crucial to restore public trust and alleviate the suffering of Quetta's residents. Strict monitoring and accountability mechanisms should be implemented to ensure that contractors adhere to timelines and maintain quality standards. Furthermore, transparent and participatory decision-making processes should be adopted to involve the public in planning and implementation. This will not only foster a sense of ownership but also help identify and address local needs and concerns. It is imperative to recognize that Quetta's development is not merely a matter of infrastructure but a reflection of the government's commitment to its citizens. By prioritizing timely and efficient project execution, the authorities can revitalize the city, improve the quality of life for its residents, and unlock its full potential.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 6 Date: 29 DEC 2025 Page No. 2

بلوچستان موسمیاتی تبدیلی خشک سالی درجہ حرارت قدرتی آبی نظام کو بری طرح متاثر کر رہا ہے

تحریر: محمد اسلم راحت

آبادی میں اضافے اور زرعی ضروریات کے باعث بڑی مقدار میں پانی نکالا جا رہا ہے، جبکہ اس کے متبادل کے طور پر پانی ذخیرہ کرنے کے مناسب انتظامات موجود نہیں۔

بلوچستان اس وقت موسمیاتی تبدیلی کے شدید اثرات اور زیرِ زمین پانی کی خطرناک حد تک کم ہوتی سطح جیسے سنگین مسائل سے دوچار ہے۔ صوبے کے بیشتر علاقوں میں بارشوں میں واضح کمی، طویل خشک سالی اور بڑھتا ہوا درجہ حرارت قدرتی آبی نظام کو بری طرح متاثر کر رہا ہے۔

زیرِ زمین پانی کی سطح میں کمی کی ایک بڑی وجہ بے ہنگم ٹیوب ویلوں کا استعمال ہے۔ آبادی میں اضافے اور زرعی ضروریات کے باعث بڑی مقدار میں پانی نکالا جا رہا ہے، جبکہ اس کے متبادل کے طور پر پانی ذخیرہ کرنے کے مناسب انتظامات موجود نہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ پہاڑی علاقوں میں قیمتی درختوں اور نایاب جڑی بوٹیوں کی بے دریغ کٹائی بھی ایک اہم مسئلہ بنتی جا رہی ہے۔ شیشم کے درخت اور دیگر پہاڑی درختوں کے خاتمے سے نہ صرف ماحول کا توازن بگڑ رہا ہے بلکہ بارش کا پانی زمین میں جذب ہونے کے بجائے ضائع ہو جاتا ہے۔ اسی طرح قیمتی جڑی بوٹیوں اور ان کی غیر قانونی کٹائی سے قدرتی ماحولیاتی نظام کمزور ہو رہا ہے۔ ان مسائل کے نتیجے میں زرعی زمینیں بنجر ہو رہی ہیں، باغات سوکھ رہے ہیں اور دیہی علاقوں میں پینے کے صاف پانی کی قلت سنگین صورت اختیار کر چکی ہے۔ پانی کی کمی نے معاشی مسائل کو بھی جنم دیا ہے، جس سے غربت اور بے روزگاری میں اضافہ ہو رہا ہے اور لوگ نقل مکانی پر مجبور ہو رہے ہیں۔ اس صورتحال سے نمٹنے کے لیے بارش کے پانی کو محفوظ بنانے کے عملی اقدامات ناگزیر ہیں، جن میں چھوٹے ڈیم، چیک ڈیم اور واٹر ہارویسٹنگ جیسے نظام شامل ہیں۔ زیرِ زمین پانی کے بے جا استعمال کو روکنے کے لیے سخت قوانین پر عملدرآمد ضروری ہے، جبکہ جدید اور کم پانی استعمال کرنے والے آبپاشی طریقوں کو فروغ دیا جانا چاہیے۔ اس کے ساتھ ساتھ پہاڑی علاقوں میں شجرکاری، قیمتی درختوں اور جڑی بوٹیوں کے تحفظ، اور غیر قانونی کٹائی کے خلاف مؤثر کارروائی ناگزیر ہے۔

اگر بروقت اور سنجیدہ اقدامات نہ کیے گئے تو بلوچستان میں پانی اور ماحولیات کا بحران مزید گہرا ہو سکتا ہے۔ اس لیے حکومت، متعلقہ اداروں اور عوام کو مشترکہ طور پر ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا ہوگا تاکہ قدرتی وسائل کو محفوظ بنا کر صوبے کے مستقبل کو بچایا جا سکے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Gazetta

Bullet No 6

Dated 29 DEC 2025 Page No. 23

بلوچستان موسمیاتی تبدیلی کے سنگین اثرات کی زد میں ہے

تحریر: حکمت اللہ

بلوچستان موسمیاتی تبدیلی کے سنگین اثرات کی زد میں ہے، جہاں بارشوں کی غیر معمولی کمی، درجہ حرارت میں اضافہ، پانی کی قلت اور زرعی زمینوں کی بربادی ایک بڑا چیلنج بن چکا ہے۔ بلوچستان ماحولیاتی لحاظ سے ایک حساس صوبہ ہے، ہمیں مستقبل کے خطرات کو روکنے کے لیے آج اقدامات کرنے ہوں گے۔ شجرکاری، پانی کے ذخائر کی حفاظت اور صاف توانائی کو فروغ دینا ہوگا۔ بلوچستان میں کلائمیٹ چینج کے اثرات روز بروز بڑھ رہے ہیں۔ ہم نے صوبے بھر میں "گرین بلوچستان" مہم کے تحت بڑے پیمانے پر شجرکاری، آلودگی کنٹرول اور ماحولیاتی تعلیم کو فروغ دینے کا منصوبہ شروع کرنے ہونگے

بلوچستان میں موسمیاتی تبدیلی درجہ حرارت میں اضافہ، خشک سالی، اور پانی کی کمی وغیرہ شامل ہیں۔ اس کے پیچھے جمع ہونے والے دلائل عوام اور حکومت کی مشترکہ اور طویل المدتی عدم توجہی ہے۔ یہ غیر مستحکم پانی کے اخراج، کانوں اور کانوں کی کھدائی، شہری کاری، اتو موبائل کی بھیڑ، اور گھریلو استعمال کے لیے درختوں کی کٹائی اور بہت کچھ کی وجہ سے ہے۔ اس نے آب و ہوا کو بہت متاثر کیا ہے لہذا حکومت کو ان مسائل پر غور کرنا چاہیے اور بہترین ممکنہ طریقے سے ان کو حل کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ یہ مسئلہ اب کوئی مستقبل کا خطرہ نہیں بلکہ ایک تلخ حقیقت بن چکا ہے جس نے صوبے کی سماجی و اقتصادی زندگی اور قدرتی ماحول کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ اگرچہ ماحولیاتی تبدیلی کے محرکات میں بلوچستان کا کردار نہ ہونے کے برابر ہے، لیکن اس کے نتائج سب سے زیادہ اسی صوبے کو بھگتنے پڑ رہے ہیں۔

اہم مسائل اور اثرات: بارشوں کا غیر معمولی نظام: موسمیاتی تبدیلی نے بارشوں کے روایتی نظام کو مکمل طور پر بدل دیا ہے۔ یا تو کئی سال تک شدید خشک سالی رہتی ہے، یا پھر غیر معمولی اور شدید بارشیں آتی ہیں جو تباہ کن سیلاب کی صورت اختیار کر لیتی ہیں۔

پانی کی شدید قلت: درجہ حرارت میں اضافے اور بارشوں کی کمی کے باعث پانی کی قلت ایک بڑا چیلنج بن چکی ہے۔ صدیوں پرانا آبپاشی کا موثر نظام، یعنی 'کاریز'، خشک ہو رہا ہے، جس سے مقامی زراعت تباہ ہو رہی ہے۔ زیر زمین پانی کی سطح روز بروز گرتی جا رہی ہے۔ چونکہ صوبے کی معیشت کا بڑا دارومدار زراعت اور لائیو اسٹاک پر ہے، اس لیے پانی کی کمی اور موسمی شدت نے زرعی زمینوں کو بنجر بنا دیا ہے۔ انار اور سیب جیسے باغات اجڑ چکے ہیں، جس سے فوڈ سکیورٹی اور روزگار کے مسائل پیدا ہو گئے ہیں۔

نقل مکانی: روزگار کے ذرائع ختم ہونے اور پانی کی عدم دستیابی کی وجہ سے لوگ دیہی علاقوں سے شہری مراکز کی طرف ہجرت کرنے پر مجبور ہیں، جس سے شہروں پر آبادی کا دباؤ بڑھ رہا ہے اور وسائل پر تناؤ پیدا ہو رہا ہے۔

حکومت بلوچستان نے اس مسئلے کی سنگینی کو تسلیم کیا ہے اور اسے دہشت گردی سے بھی بڑا مسئلہ قرار دیا ہے۔ صوبائی حکومت نے موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے لیے ایک جامع پالیسی (Balochistan Climate Change Policy) متعارف کرائی ہے اور بلوچستان کلائمیٹ چینج فنڈ کے قیام کا بھی اعلان کیا ہے۔

بلوچستان کو ماحولیاتی تبدیلی کے تباہ کن اثرات سے بچانے کے لیے ہنگامی اور مربوط اقدامات کی ضرورت ہے۔ وفاقی اور صوبائی حکومتوں سمیت عالمی اداروں کو مل کر کام کرنا ہوگا تاکہ مقامی برادریوں کی استعداد کار بڑھائی جا سکے اور مستقبل کے خطرات سے مؤثر طریقے سے نمٹا جا سکے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan News Quetta

Bullet No. 6 Date: 29 DEC 2025 Page No. 24

بلوچستان: بڑھتی آبادی کا بوجھ اور سسکتا ہوا نظامِ تعلیم

تحریر: محمد آصف

بلوچستان، رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ، جہاں بے پناہ قدرتی وسائل چھپائے ہوئے ہے، وہیں آج یہ خطہ کئی سنگین سماجی و معاشی مسائل کی آماجگاہ بھی بنا ہوا ہے۔ ان مسائل میں سب سے سنگین مسئلہ تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی ہے، جس نے صوبے کے صحت، روزگار اور خاص طور پر تعلیم کے شعبے کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ یہ صرف ایک انتظامی مسئلہ نہیں بلکہ ایک انسانی المیہ بنتا جا رہا ہے جس پر فوری توجہ کی ضرورت ہے، تازہ ترین اعداد و شمار اس تلخ حقیقت کی عکاسی کرتے ہیں کہ صوبے میں اس وقت تقریباً 3 ملین (30 لاکھ) بچے اسکول جانے کی عمر کے ہونے کے باوجود تعلیم کی نعمت سے محروم ہیں، یہ وہ بچے ہیں جن کے ہاتھوں میں قلم ہونا چاہیے تھا، لیکن آبادی کے بے ہنگم دباؤ اور وسائل کی غیر منصفانہ تقسیم نے انہیں اس بنیادی حق سے دور کر دیا ہے۔ تعلیمی ڈھانچے کی زبوں حالی صرف اسکولوں کی کمی تک محدود نہیں، بلکہ موجودہ اسکولوں کا غیر فعال ہونا بھی ایک بڑا المیہ ہے۔ صوبے کے مختلف اضلاع میں درجنوں اسکول اساتذہ نہ ہونے یا عمارتوں کی خستہ حالت کی وجہ سے بند پڑے ہیں۔ اساتذہ کی کمی کا مسئلہ بھی اپنی جگہ سنگین ہے۔ جہاں تعلیم کے مطابق صوبے کو فوری طور پر 16 ہزار اساتذہ کی ضرورت ہے۔ اگرچہ موجودہ حکومت نے 14 ہزار اساتذہ کی بھرتی کا عمل شروع کیا ہے، لیکن آبادی کی رفتار کے مقابلے میں یہ کوششیں ناکافی نظر آتی ہیں۔ مالیاتی حوالے سے دیکھا جائے تو بلوچستان کا غیر ترقیاتی بجٹ 650 ارب روپے ہے، جبکہ ترقیاتی بجٹ 102.5 ارب روپے کے قریب ہے۔ اس میں سے اسکولوں کی بہتری اور انفراسٹرکچر کے لیے صرف 19 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں، جو کہ صوبے کی وسیع ضروریات کے سامنے اونٹ کے منہ میں زیرے کے مترادف ہیں۔ جب تک تعلیم کے لیے مختص فنڈز میں خاطر خواہ اضافہ نہیں کیا جاتا، جب تک تبدیلی کا ہر دعویٰ ادھورا رہے گا۔ انہی چیلنجز اور حکومتی کوششوں کا جائزہ لینے کے لیے گزشتہ دنوں ہمیں ڈائریکٹر اسکول ایجوکیشن بلوچستان اختر محمد کسمتزان سے گفتگو کا موقع ملا۔ انہوں نے بتایا کہ ان کی ٹیموں کی شب و روز محنت سے محض ایک سال کے قلیل عرصے میں 2 لاکھ 26 ہزار 563 طلبہ کا داخلہ یقینی بنایا گیا ہے، جو کہ ایک غیر معمولی کامیابی ہے۔ وہ اس حوالے سے خاصے پُرامید نظر آئے کہ رواں ماہ کے اختتام تک وہ ڈھائی لاکھ بچوں کو اسکولوں میں لانے کا ہدف حاصل کر لیں گے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ یہ کامیابی کسی ایک فرد کا کارنامہ نہیں بلکہ ایک مربوط گروہی جدوجہد کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے خصوصی طور پر صوبائی وزیرِ تعلیم راحیلہ درانی کی قیادت کو سراہا، جن کی سرپرستی میں محکمہ تعلیم نے ہنگامی بنیادوں پر کام کیا۔ تاہم، انہوں نے اس حقیقت کا اعتراف بھی کیا کہ یونیسف (UNICEF) کے تکنیکی اور مالی تعاون کے بغیر یہ سب حاصل کرنا لگ بھگ ناممکن تھا۔ حکومتی سطح پر بلوچستان کی موجودہ قیادت نے "تعلیمی ایمرجنسی" نافذ کر رکھی ہے۔ وزیرِ اعلیٰ بلوچستان کے مطابق، حکومت نے "تعلیم سب کے لیے (Education for All)" تحریک کا آغاز کیا ہے، جس کے تحت پرائمری تعلیم کو مفت اور لازمی قرار دیا گیا ہے۔ اساتذہ کی کمی کو پورا کرنے کے لیے 14 ہزار اساتذہ کی میرٹ پر بھرتی کا دعویٰ کیا گیا ہے، جس میں 99 فیصد بھرتیاں خالصتاً قابلیت کی بنیاد پر کی گئی ہیں تاکہ کسی قسم کی سفارش یا سیاسی مداخلت کی گنجائش نہ رہے۔ حکومتی اقدامات کے نتیجے میں 3200 غیر فعال اسکولوں کو دوبارہ کھولنے اور لو ہزار سے زائد بچوں کے نئے داخلوں کے دعوے بھی سامنے آئے ہیں۔ اس کے علاوہ 600 کمیونٹی اسکولوں کا قیام اور ان میں 32 ہزار بچوں کی شمولیت ایک روشن پہلو ہے۔ لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا یہ اقدامات اس سیلاب کو روکنے کے لیے کافی ہیں جو بڑھتی ہوئی آبادی کی صورت میں سامنے آ رہا ہے؟ اس سوال کا جواب ہمیں بلوچستان کے ضلع نوشکی کے ایک خاندان کی صورت میں ملتا ہے، جو بڑھتی آبادی کے اثرات کی زندہ مثال ہے۔ نوشکی کے گل مینگل کے رہائشی عبدالمجید، جو اپنے 54 بچوں کی وجہ سے مشہور تھے، گزشتہ برس انتقال کر گئے۔ ان کے بیٹے عطاءاللہ مینگل نے بتایا کہ 54 بہن بھائیوں میں سے 42 حیات ہیں جبکہ 12 فوت ہو چکے ہیں۔ ایک ڈرائیور باپ کے لیے اتنے بڑے خاندان کی کفالت کرنا کسی معجزے سے کم نہ تھا۔ حالات اس قدر کٹھن تھے کہ 75 سالہ عبدالمجید اپنی وفات سے محض پانچ دن قبل تک سڑکوں پر گاڑی چلا کر رزق تلاش کر رہے تھے۔ حکومتی کا یہ عالم تھا کہ نہ حکومت نے مدد کی اور نہ ہی کسی این جی او نے۔ آج ان کا بیٹا عطاءاللہ خود 15 سال سے نوکری کے لیے در بدر ہے اور اسی بے روزگاری کے باعث اس نے اب تک شادی بھی نہیں کی۔ عطاءاللہ اب بھی حکومت کی امداد کا منتظر ہے کیونکہ اتنے بڑے خاندان کی ضروریات اب اس کے بس سے باہر ہو چکی ہیں۔ ان کا کہنا ہے بے روزگاری اور تنگدستی کی وجہ سے اپنے والد کے برعکس ایک ہی شادی کرے گا تاکہ ان وسائل میں رہتے ہوئے اپنی خاندان کی کفالت کر سکے۔ سماجی ماہرین اور "ترقی فاؤنڈیشن" کے سی ای او احمد رشید جیسے دانشور اس صورتحال کو ایک گہرے زاویے سے دیکھتے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ صرف اساتذہ بھرتی کرنا یا اسکول کھولنا کافی نہیں، بلکہ اصل ضرورت اساتذہ کی مہارت (Skill) اور طریقہ تدریس (Set) پر توجہ دینے کی ہے۔ اگر اسکول کا ماحول پرکشش نہیں ہوگا، تو ڈراپ آؤٹ کی شرح کم نہیں ہوگی۔ ایک المیہ یہ بھی ہے کہ صوبے میں ایم اے اور ایم فل کی ڈگریاں رکھنے والے ہزاروں نوجوان بے روزگار ہیں، جو نئی نسل کے لیے ایک حتمی مثال بن رہے ہیں۔ جب تک معاشی ترقی کو تعلیمی ترقی سے نہیں جوڑا جائے گا، جب تک حقیقی تبدیلی ایک خواب رہے گی۔ ڈائریکٹر اسکولز اختر محمد کسمتزان اور ان کی ٹیم کی کوششیں یقیناً قابلِ ستائش ہیں، لیکن سفر ابھی طویل ہے۔ ڈھائی لاکھ بچوں کو اسکول لانا ایک بڑی کامیابی سہی، لیکن ابھی بھی لاکھوں بچے سڑکوں پر کچرا چننے یا ورکشاپوں میں کام کرنے پر مجبور ہیں۔ ان سب کو کاس روم تک لانا ریاست کی اولین ذمہ داری ہے۔ اب وقت آ گیا ہے کہ ہم لفظوں کی جنگ سے نکل کر عملی میدان میں قدم رکھیں اور بلوچستان کے مستقبل کو جہالت کے اندھیروں سے نکال کر روشنی کی طرف لے جائیں۔